آئرش نیجرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروس

انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس

# انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست دہندگان کے لئے معلوماتی کتابچہ

آپ اپنا انٹرنیشنل پروٹیکشن کاسوالنامہ پر کرنےسے پہلےبراہ مہربانی اس کتابچے کی تمام معلومات پڑھ لیں

## اس کتابچے کا مقصد

یہ معلوماتی کتابچہ آپ کو آئر لینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں کی پروسیسنگ کا طریقہ کار سمجھانےمیں مدد فراہم کرے گا یہ کتابچہ ان چیزوں کی بھی وضاحت کرے گا کہ آپ کے حقوق اور ذمہ دار یاں کیا ہیں اور درخواست جمع کرانے ، درخواست کامعائنہ اور اس کافیصلہ ہونے کے مراحل کے دوران آپ کو کن لوگوں سے نمٹنا پڑے گا۔ یہ کتابچہ آپ کو دیگر وجوہات کےبارےمیں بھی معلومات فراہم جن کی بنیاد پر آپ کو اس ملک میں رہنے کی اجازت مل سکتی ہے۔

## اہم نوٹس

آپ کو یہ کتابچہ سنبھال کر رکھنا چاہئے تاکہ آپ اپنی درخواست پر کارروائی کے دوران اس سے رجوع کرسکیں۔ــہ

آپ ایک قانونی طریقہ درج کررہیں ہوتے ہیں جب آپ اپنی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع کراتے ہیں۔ درکار دستاویزات کو مکمل کرنا،درخواست کو درج کرنے کےلئے ضروری معلومات مہیاکرنا، درخواست کا جائزہ لینا ،اس بارے میں تجویزات دینا اور فیصلےکرنا اس عمل کے لمرکزی مراحل ہیں۔لہذا مندرجہ ذیل معلومات کو مکمل طور پر پڑھنا آپ کے لئے بہت ضروری ہےاور ضرورت پڑنے پر آپ قانونی مشورہ بھی حاصل کریں تاکہ اپنی درخواست کی حمایت میں آپ کی پوزیشن مثبت رہے۔ آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس (IPO) سے تعاون ہوگا۔ تعاون نہ کرنا ، آپ کی درخواست کے نتائج کے لئےقانونی طور پر سنگین ہوسکتا ہے۔

انٹرنیشنل پروٹیکشن ایپلی کیشن کےتعین اور جائزے کےساتھ ساتھ آئر لینڈ میں رہنے کی اجازت اور خاندانی ملاپ جیسے قوانین کے قواعدو ضوابط انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 کے قانون اور احکامات کے مطابق بنائیں جاتے ہیں۔ اِس قانون سازی تک آپ کی رسائی مندرجہ ذیل سےویب سائٹس ہوسکتیں ہے:

www.inis.gov.ie اور
www.ipo.gov.ie

یہ کتابچہ صرف معلوماتی اور رہنمائی کے مقاصد کے لئے ہے۔ یہ کتابچہ قانونی مشورہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ نٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 کی قانونی تشریح پیش نہیں کرتا ہے۔اگر آپ کوایکٹ 2015 کے بارے میں مزید معلومات درکار ہیں اوریہ جاننے کیلئےکہ آپ کاکیس اس سے کیسے اثر انداز ہوسکتا ہے تو آپ کو قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔

جبکہ ہر ممکن کوشش کی گئی ہے یہ یقینی بنانے کے لئےکہ اس کتابچے کا مواد درست ہے، یہاں کوئی بھی غلطی یا بھول قابل قبول نہیں ہے۔ مزید برآں، اس کتابچے میں کچھ بھی منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی یا کسی دوسری پارٹی بشمول انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کےا فسران اور ملازمین کی نمائندگی، ذمہ داری اور عہد کےطور پر نہیں لی گئی اور نہ ہی اس میں شامل کوئی چیز قانونی ذمہ داری سے آگے ہے۔

انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس

آئرش نیجرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروس

جنوری 2017

## فہرست


**سیکشن 1** **انٹرنیشنل پروٹیکشن کیا ہےاور میں اسکے لئے کیسے اپلائی کروں؟**

1.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کیا ہے؟
1.2 کون کون انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے درخواست دے سکتاہے؟
1.3 کیا میرے انفرادی حالات کےزیرنظر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کرناصحیح عمل ہے؟
1.4 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست مجھے کہاں درج کرنی چاہئے؟
1.5 میری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست سےکون نمٹے گا؟
1.6 رہنےکی اجازت کیا ہےاور اس کی درخواست کیسے درج کروں؟
1.7 خاندانی ملاپ کیا ہے؟

**سیکشن 2** **مفید اصطلاحات**

2.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس (IPO) کیاہے؟
2.2 انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلزٹریبونل(IPAT) کیاہے؟
2.3 منسٹر کون ہے؟
2.4 کو ن ریفیوجی سمجھا جاتا ہے؟
2.5 سبسڈری پروٹیکشن کیلئے کون اہل ہے؟
2.6 سنگین نقصان کیاہے؟
2.7 ریفاؤلمینٹ(Refoulement) کی کیا ممانت ہے؟
2.8 انٹرنیشنل پروٹیکشن سے کون خارج ہے؟
2.9 یوروڈیک (EURODAC)کیاہے؟
2.10 کامن ٹریول ایریا کا دائرہ کار کیا ہے؟

**سیکشن 3** **انٹرنیشنل پروٹیکشن پروسس**

3.1 جب میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج تو میں کیا توقع رکھ سکتا ہوں؟
3.2 درخواست کے عمل میں ابتدائی مراحل کیا ہیں؟
3.3 میری درخواست کی قبولیت کا تعین کس طرح کیا جائے گا؟
3.4 اگر مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی سابقہ درخواست پر فیصلہ مل چکا ہےتو کیامیں (اس درخواست کے بعد) ایک اور درخواست درج کر کتا ہوں؟
3.5 ابتدائی انٹرویو کیاہے؟
3.6 میرےفنگر پرنٹ اور دیگر بایومیٹرک انفامیشن لیئےجائیں گے؟
3.7 مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے بارے میں تحریری معلومات ملے گئیں؟
3.8 میں جب انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع تو مجھے کیا چیزیں لانے کی ضرورت ہے؟
3.9 ٹیمپوریری ریزیڈینز سرٹیفییکیٹ (TRC) کیا ہے اور میں کب انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کروں گا؟
3.10 کیا مجھے معذوری ہے یا میری خصوصی ضروریات ہیں؟
3.11 اگر میں حراست میں ہوں یا نظربند ہوں تو کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے اپلائی کرسکتاہوں؟
3.12 انٹرنیشنل پروٹیکشن کےدرخواست گزار کو کن حالات میں حراست میں لیا جاسکتا ہے؟
3.13 اگر میرے خاندان میں 18 سال سے کم عمر زیر کفالت افراد ہوتو کیاہوتا؟
3.14 میں قانونی مشورہ کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟
3.15 کیامیں اپنی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست خارج کرسکتا ہوں؟

**سیکشن 4 انٹرویو اور جائزہ**

4.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کےانٹرویو پر میں کیا توقع کر سکتا ہوں؟
4.2 کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو پر اپنی مدد کیلئے کسی شخص کو ساتھ لاسکتاہوں؟
4.3 کیا ہوگا اگر میں انٹر ویو میں شرکت نہ کرسکا یا اس دن غیرحاضر ہوا؟
4.4 کیا ایپلی کیشن پروسس میں تعاون کرنا میرا فرض ہے اور تعاون نہ کرنے کی صورت میں کیانتائج ہونگے؟
4.5 اہم معائنے, جس میں ذاتی انٹرویو بھی شامل ہے، کا کیا عمل ہے؟
4.6 میرے انٹرویو کے بعد کیا ہوگا؟
4.7 میری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے ممکنہ نتائج کیا ہو سکتے ہیں؟
4.8 کیا ہوگااگر مجھے میری درخواست پر تجویزات چھ ماہ کے اندر موصول نہیں ہوتیں؟

**سیکشن 5 اپیلز اور انٹرنیشنل پروٹیکشن**

5.1 کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن عطانہ کرنے کی تجویز اور دیگر سفارشات کےلئے اپیل کرنےکا اہل ہوں؟
5.2 میں کیسے اپیل کرو؟
5.3 اپیل دائر کرنے کےوقت حدود کیا ہیں؟
5.4 میں اپنی اپیل کے لیے قانونی نمائندگی لینے کاحقدار ہوں؟
5.5 کتنی جلدی میری اپیل سنی جائے گی؟
5.6 اپیل کے عمل کے بارے میں مزید معلومات میں کہاں سے حاصل کرسکتاہوں؟

**سیکشن 6 ریفیوجی اور سبسڈری پروٹیکشن سٹیٹس کا اعلان**

6.1 تجویز موصول ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

**سیکشن 7 آپ کےحقوق اگر آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن دی جاتی ہے**

7.1 مجھے کیا حقوق حاصل ہونگےاگر مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن ملتی ہے؟

**سیکشن 8 انٹرنیشنل پروٹیکشن پروسس میں آپ کےحقوق و فرائض**

8.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن ایپلی کیشن پروسس میں میرے کیا حقوق ہیں؟
8.2 انٹرنیشنل پروٹیکشن ایپلی کیشن پروسس میں میری کیاذمہ داریاں ہیں؟

**سیکشن 9 تنہا بچے**

9.1 کیا ہوگا اگر میں تنہا بچے کی حیثیت سے انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے اپلائی کرتا ہوں؟
9.2 کیا طریقہ کار ہوگا اگر TUSLA (چائلڈاینڈفیملی ایجنسی) انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے میری درخواست درج کرتی ہے؟
9.3 اٹھارہ سال سے کم عمر بچے کا لیگل ایڈ بورڈ(LAB)کو حوالہ دینے کا کیا طریقہ کار ہے؟

**سیکشن 10** **ای یو ڈبلن ریگولیشن**

10.1 ای یو ڈبلن ریگولیشن کیا ہے؟

**سیکشن 11** **رضاکارانہ واپسی کے اختیارات**

11.1 کیامجھے اختیار حاصل ہے کہ میں رضاکارانہ طور پر اپنے اصل ملک یا سابقہ قیام (رہائس)والے ملک واپس جاسکوں؟

**سیکشن 12** **دیگر معلومات**

12.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں میں ترجیحات کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟
12.2 ان معلومات کا کیا ہوگا جو میں نے انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کو فراہم کی ہیں؟

**سیکشن 13** **رہنے کی اجازت**

13.1 میں رہنے کی اجازت کے لئے کیسے اپلائی کروں؟
13.2 وہ کون سی معلومات جن کی بنیاد پر متعلقہ وزیر فیصلہ کرتا ہے کہ آیا درخواست دہندہ کو ریاست (آئر لینڈ) میں رہنے کی اجازت ملنی چاہئے یا نہیں؟
13.3 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی؟
13.4 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت مل جاتی ہے؟
13.5 رہنے کی اجازت سے انکارپر نظرثانی کس طرح ہوتی ہے؟
13.6 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت مل جاتی ہے لیکن میں پروٹیکشن کی شفارش کے لئے IPOسے IPAT میں اپیل کرنے کا فیصلہ کرتا ہوں؟
13.7 کیاہوگا اگر نظرثانی کےعمل کےبعد مجھے رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی؟

**سیکشن 14** **خاندانی ملاپ**

14.1 خاندانی ملاپ کیا ہے؟
14.2 کوئی وقت کی حد موجود ہے؟
14.3 خاندان کا رکن کون ہے؟
14.4 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست فارم اور سوالنامے میں کونسی معلومات مجھے شامل کرنی چاہئے؟
14.5 خاندانی ملاپ کے لئےمیں کیسے اپلائی کرسکتاہوں؟

**سیکشن 15** **آپ کی رہائش**

15.1 ریسیپشن / رہائش کے بارے میں معلومات

**ملحقہ - رابطے کی تفصیلات**

# سیکشن 1
# انٹرنیشنل پروٹیکشن کیا ہےاور میں اسکے لئے کیسے اپلائی کروں؟

## 1.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کیا ہے؟

1.1.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015، انٹرنیشنل پروٹیکشن کی دو صورتوں (جن کے نام ہیں : ریفیوجی سٹیٹس اور سبسڈری پروٹیکشن) کا احاطہ کرتا ہے.

**ریفیوجی سٹیٹس**

1.1.2 ریفیوجی کہلائے جانے کیلئے آپ پر ذیل وجوہات کی بناء ظلم و ستم کرنےکا خطرہ لاحق ہو:
(i) نسل
(ii) مذہب
(iii) قومیت
(iv) سیاسی رائے
(v) ایک مخصوص سماجی گروپ کی رکنیت،
جو اپنے اصل ملک سے باہر ہے اور قاصر ہے،اس طرح کے خوف کی وجہ سے، اپنے ملک کے تحفظاتی اداروں سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار نہیں ہے یا بغیر کسی شہریت والافردہے، مندرجہ بالا وجوہات کی وجہ سے اپنے سابقہ قیام والے ملک سے باہر ہے، قاصر ہے یا اس قسم کے خوف کی وجہ سے اس ملک میں واپس نہیں جانا چاہتا ہے۔

**سبسڈری پروٹیکشن سٹیٹس**

1.1.3 اگر اس چیز کا فیصلہ ہوگیا ہے کہ آپ رفیوجی نہیں ہے، تو پھر آپ سبسڈری پروٹیکشن کے اہل ہوسکتے ہیں، لیکن اس مقصد کے لئے آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ اگر آپ اپنے یا سابقہ قیام والے ملک واپس جاتے ہیں تو اس بات کا بہت حد امکان کہ آپ وہا ں شدید نقصان کا شکار ہوسکتے ہیں۔مزید معلومات کیلئے سیکشن 2.5.1پڑھیں۔

## 1.2 کون کون انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے درخواست دے سکتاہے؟

1.2.1 وہ شخص جس کی عمر 18سال یا اس سے زائد ہے اور وہ ریاست آئر لینڈ کے فرنٹیئر میں یا ریاست آئر لینڈ کےاندر موجود،ان دونوں صورتوں میں وہ انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے درخواست جمع کراسکتا ہے۔
(ا) اپنی جانب سے
(ب) کسی دوسرے شخص کی جانب سے جو اس کی دیکھ بھال اور حفاظت کی ذمہ داری نبھا رہا ہے۔

1.2.2 اس درخواست کا نقطہ پیراگراف 1.2.1 سے مشروط ہے۔
(i) قابل قبول پائی گئیں ہے(پیراگراف 3.3ملاحظہ کیجئیے)، یا

(ii)اگراس کے بعد والی درخواست، وزیرکی اجازت سے منظور کرلی گئی ہے (سیکشن 3.4 ملاحظہ کریں)۔
براہ مہربانی زیر کفالت بچوں کے بارے میں سیکشن 3.13بھی دیکھیں۔

## 1.3 کیا میرے انفرادی حالات کےزیرنظر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کرناصحیح عمل ہے؟

1.3.1 اگر آپ کو اپنے پیدائشی ملک /اصل ملک/ سابقہ قیام والے ملک/ قومیت والے ملک میں واپس جانے سے ڈر لگتاہے تو آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے اپلائی کرنا چاہئے۔

1.3.2 اگر آپ دیگر وجوہات کی بناء پر ریاست آئر لینڈ میں رہنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی معلومات حاصل کرنے کیلئے اس ویب سائٹ www.inis.gov.ie پر وزٹ کریں۔

## 1.4 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست مجھے کہاں درج کرنی چاہئے؟

1.4.1. آپ کیلئے ضروری ہے کہ یہ درخواست آپ ذاتی طور پر منسٹر کو ارسال کریں۔ آپ یہ درخواست جلد از جلد آیا ائیر پورٹ سےیا بندرگاہ سے جہاں کہیں سےبھی آپ آئر لینڈ کی ریاست میں داخل ہوئے ہیں(داخلے کےبعد) ذیل پتہ پر ارسال کریں

**International Protection Office,**
**Irish Naturalisation and Immigration Service,**
**79-83Lower Mount Street,**
**Dublin 2.**
**D02 ND99**

## 1.5 میری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست سےکون نمٹے گا؟

1.5.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے اپلائی کر کے، آپ منسٹر سے اس چیز کےاعلان کی گزارش کرتےہیں کہ آیا آپ رفیوجی سٹیٹس کے اہل ہےیا سبسڈری پروٹیکشن کے؟

1.5.2 ایک درخواست کے طریقہ کار کاحصہ ہونےکے طور پر، آپ کی درخواست جانچ پڑتال عمومی طور پر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کے حکام جو انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسرز کہلاتے ہیں وہ کریں گے۔یہ آئرش نیجرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروس کا ایک حصہ ہے جوکہ خودڈیپارٹمنٹ آف جسٹس اینڈ ایکویلٹی کے ماتحت ہے۔ IPO میں موجود افرادبھی اس عمل میں شامل ہوسکتے ہیں۔

## 1.6 رہنےکی اجازت کیا ہےاور اس کی درخواست کیسے درج کروں؟

1.6.1 اگر IPO اس چیز کی تجویز دیتا ہے کہ آپ نہ تو رفیوجی سٹیٹس اور نہ ہی سبسڈری پروٹیکشن کے اہل ہے،تو منسٹر اس کی جانچے گا کہ آیا وہ آپ کو دیگر وجوہات (مثال کے طور پر، آپ کے خاندان کی یا آپ کے انفرادی حالات کی وجہ سے) آئر لینڈ کی ریاست میں رہنے کی اجازت دی جائے یانہیں۔یہ کام بھی انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں انجام پائے گا۔ آپ کیلئے ضروری ہےکہ آپ متعلقہ معلومات کو انٹرنیشنل پروٹیکشن سوالنامے کےمناسب حصوں میں درج کریں۔

آپ کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی کے بارے میں IPO کو مطلع کریں ، ہوسکتا ہےکہ یہ اقدام آپ کے اس ملک میں رہنے کے فیصلے (آیا ہانیا نہیں)سے متعلقہ ہو۔
یہ تفصیل سے سیکشن 13میں بیان ہوا ہے۔

### 1.7 خاندانی ملاپ کیا ہے؟

1.7.1 اگر آپ کو رفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن جاتا ہے، تو یہ ملنے کی تاریخ سے ایک سال کی مدت میں وزیر سے اپنے خاندان کے بعض ارکان کو آئر لینڈ کی ریاست میں رہنے کی اجازت دیئے جانے کےحوالے سے مطالبہ بھی کرسکتےہیں۔**یہ شرائط میاں بیوی، سول پارٹنرز (جہاں آپ کی شادی ہوئی تھی یا وہ ایک سول پارٹنر شپ جس کا تذکرہ آپ نے اپنی پروٹیکشن درخواست والی تاریخ میں کیا تھا)، اٹھارہ سال سے کم عمر غیر شادی شدہ بچوں، اور اس صورت میں جب نابالغ لڑکایالڑکی کو پروٹیکشن ملی ہے، درخواست دہندہ کے والدین اور بہن بھائی جن کی عمرا ٹھارہ سال سے کم ہے ،ان سب کےلئےہیں۔**

1.7.2 منسٹر اس درخواست کی تحقیقات اور اگراس بات سے مطمئن ہوا کہ یہ شخص آپ کے خانداں کا رکن ہے اور خاندانی ملاپ کےاحاطے میں ہے تو وہ اس کو اس ملک میں رہنے کی اجازت دیں دےگا۔

1.7.3 متعدد وجوہات کی بناء پر منسٹر اس خاندانی رکن کو رہنے کی اجازت دینے سے انکار کرسکتا ہے،ان میں انٹرسٹ آف پبلک سیکورٹی ، پبلک پالیسی یا پبلک آرڈریا خاندانی رکن کے رہنے کی جگہ یا،درخواست دہندہ کارفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن سے خارج ہونا شامل ہیں۔

1.7.4 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع کراتے وقت آپ کواس بات کا خاص خیال چاہئے کہ اس درخواست میں اپنے خاندان کے تمام اراکان کی تفصیلات دیں جو بعد میں خاندانی ملاپ کے اہل ہوسکتے ہیں۔ لیکن منسٹر کی جانب سے آپ کو رفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن دیا جاناسب سے اہم چیز ہے۔

1.7.5 مزید معلومات کیلئے سیکشن 14 ملاحظہ کریں۔

# سیکشن 2
# مفید اصطلاحات

## 2.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس (IPO) کیاہے؟

2.1.1 IPO آئرش نیجرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروس (INIS)کے اندر ایک دفتر ہے، جس کی ذمہ داری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں کی تحقیقات اور پروسیسنگ کرنا ہے۔IPO کے سربراہ چیف انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر ہے، جو انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر زکی ٹیم کی سربراہی کرتے ہیں۔ منسٹر کی جانب سے IPOکا سٹاف بھی اس چیز کا فیصلہ کرتا ہے کہ آیا انٹرنیشنل پروٹیکشن کے ناکام درخواست دہندگان کو دیگر وجوہات کی بنیاد پر آئر لینڈ کی ریاست میں رہنے کی اجازت دی جائے یانہیں۔

## 2.2 انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلزٹریبونل(IPAT) کیاہے؟

2.2.1 IPATقانونی طور پر ایک آزاد ادارہ ہے جو انٹرنیشنل پروٹیکشن کی اپیلز اور دوسری اپیل افعال کا تعین کرتا ہے جن کا ذکر انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 اور دیگر متعلقہ قانون سازی میں ہوا ہے۔

## 2.3 منسٹر کون ہے؟

2.3.1 منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی ایک منسٹر ہے۔

## 2.4 کو ن ریفیوجی سمجھا جاتا ہے؟

2.4.1 ریفیوجی کہلائے جانے کیلئے آپ پر ذیل وجوہات کی بناء ظلم و ستم کرنےکا خطرہ لاحق ہو:

(i) نسل
(ii) مذہب
(iii) قومیت
(iv) سیاسی رائے
(v) ایک مخصوص سماجی گروپ کی رکنیت،

جو اپنے اصل ملک سے باہر ہے اور قاصر ہے،اس طرح کے خوف کی وجہ سے، اپنے ملک کے تحفظاتی اداروں سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار نہیں ہے یا بغیر کسی شہریت والاافردہے، مندرجہ بالا وجوہات کی وجہ سے اپنے سابقہ قیام والے ملک سے باہر ہے، قاصر ہے یا اس قسم کے خوف کی وجہ سے اس ملک میں واپس نہیں جانا چاہتا ہے۔

بعض اقسام کے لوگوں کو رفیوجی سٹیٹس دیئے جانے والی فہرست سے خارج کردیاگیا ہے(سیکشن 2.8 ملاحظہ کریں) ۔

## 2.5 سبسڈری پروٹیکشن کیلئے کون اہل ہے؟

2.5.1 یہ سٹیٹس رفیوجی سٹیٹس جیسا ہی ہے۔ یہ ایک شخص کو اس صورت میں عطا جب وہ رفیوجی سٹیٹس کیلئے اہل نہ قرار پائے لیکن IPOاس بارے میں غور کریں کہ یہ شخص کو اپنے ملک میں سنگین مشکلات کاسامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
اس چیز کی ٹھیک تعریف یہ ہے کہ سبسڈری پروٹیکشن کے لئے وہ شخص اہل ہے، جو:
(i) یورپی یونین کی رکن ریاست کا شہری نہیں ہے،
(ii) رفیوجی سٹیٹس کے لئے اہل تصور نہیں ہوتا،
(iii) اس مقصد کے لئے یہ ثابت کرائیں کہ اگر وہ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک واپس جاتے ہیں تو اس بات کا بہت حد تک امکان کہ آپ وہا ں شدید نقصان کا شکار ہوسکتا ہے، اور وہ قاصر ہے یا اس خطرے کی وجہ سے وہ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک میں واپس جانے کو تیار نہیں ہے؛ اور
(iv) متعد وجوہات کی بناء پر سبسڈری پروٹیکشن کی اہلیت سے خارج نہیں ہواہے(پیراگراف **2.8.2**ملاحظہ کریں)۔

## 2.6 شدید نقصان کیاہے؟

2.6.1 شدید نقصان کا مطلب ہے:
(i) سزائے موت یا پھانسی،
(ii) تشددیا غیر انسانی یا ذلت آمیز سلوک یا ایک شخص کو اپنے اصل ملک / سابقہ قیام والے ملک میں سزا ، یا
(iii) بین الاقوامی یا اندرونی مسلح تصادم کی صورت حال میں اندھا دھند تشدد کے سبب سے ایک شہری کی زندگی یا شخص کو شدید اور انفرادی خطرہ۔

## 2.7 ریفاؤلمبنٹ (Refoulement) کی کیا ممانت ہے؟

2.7.1 ریفاؤلمبنٹ کی ممانت کا یہ مطلب ہے کہ منسٹر کی رائے میں، وہ ایک فرد کو اپنی ریاست سے بےدخل یا اسے اپنے ملک کی سرزمین پر واپس نہیں بھیجے گا:
(i) اس شخص کی زندگی یا آزادی کو نسل، مذہب، قومیت ، ایک مخصوص سماجی گروپ کی رکنیت یا سیاسی رائے کی وجہ سے خطرات لاحق ہو، یا
(ii) اس بات کا سنگین خطرہ ہے کہ اس شخص کو سزائے موت، تشددیا غیر انسانی یا ذلت آمیز سلوک یا سزا کا نشانہ بنایا جائے ۔

‘

منسٹر کیلئے اپنی ڈیوٹی کو نبھانا ضروری ہے، اس چیز کی پرواہ کیے بغیر کہ آیا اس شخص کو رفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن دیا جا چکا ہے یا نہیں۔

## 2.8 انٹرنیشنل پروٹیکشن سے کون خارج ہے؟

2.8.1 مندرجہ ذیل ا فراد کورفیوجی سٹیٹس سے خارج کر دیا جاتا ہے:
(i) وہ آرگنز یا اقوامی متحدہ کی ایجنسیوں ( اس کے علاوہ یونائیٹڈ نیشنز ہائی کمشنر فار رفیوجیز (UNHCR) ) ، جیسا کہ یونائیٹڈ نیشنز ریلیف اینڈ ورکز ایجنسی (UNRWA)سے تحفظ یا مدد حاصل کر رہے ہیں اور یہ تحفظ یا مدد ختم نہیں ہوئی۔

(ii) جس ملک کا یہ شخص رہائشی ہے اسکی پہچان کا ایک محاز حکام کے حوالے سے ہوتی ہےاور اس شخص کو اس ملک میں اسکے شہریوں والے یا شہریوں جیسے حقوق و فرائض سے منسلک کیا جاتا ہے، یا

(iii) ٹھوس وجوہات کے باعث اس چیز کا تعین کیا گیا ہے کہ اس شخص نے :

a.امن کے خلاف جرم، جنگی جرم یا انسانیت کے خلاف جرم کیا ہے، انٹرنیشنل انسٹرومینٹز کی دفعات کی رو سے اس جرم کا ارتکاب سنگین جرائم کی فہرست میں ہوتا ہے،

b. آئر لینڈ کی ریاست میں آمد سے پہلے، بیرونی ریاست میں سنگین غیر سیاسی جرم کیا ہے، یا

c. اقوام متحدہ کے مقاصد اور اصولوں کے خلاف ہونے والی کارروائیوں میں سرگرم رہا ہے۔
اس بات پر غور کیا جائے کہ ان اخراج کا نفاذ اس صورتوں میں بھی ہوتا ہےجب یہ ثابت ہوکہ اس شخص نے کرائم کمیشن میں یا مندرجہ بالا ایکٹ کےنقطہ (ج) میں درج جرم کےلئے دوسرونکو اکسایا ہے یا وہ اس میں ملوث پایا گیا ہے۔

2.8.2 ایک فرد کو سبسڈری پروٹیکشن کی اہلیت سے خارج کر دیا جاتا ہے جب ٹھوس وجوہات کے باعث اس چیز کا تعین کیا گیا ہے کہ اس شخص نے:
(i) امن کے خلاف جرم، جنگی جرم یا انسانیت کے خلاف جرم کیا ہے، انٹرنیشنل انسٹرومینٹز کی دفعات کی رو سے اس جرم کا ارتکاب سنگین جرائم کی فہرست میں ہوتا ہے،
(ii) سنگین جرم کیاہے،
(iii) اقوام متحدہ کے مقاصد اور اصولوں کے خلاف ہونے والی کارروائیوں میں سرگرم رہا ہے،
(iv)معاشرے یا آئر لینڈ کی ریاست کے لئے ایک خطرناک عنصر ہے۔
اس بات پر غور کیا جائے کہ ان اخراج کا نفاذ اس صورتوں میں بھی ہوتا ہےجب یہ ثابت ہوکہ اس شخص نے کرائم کمیشن میں یا مندرجہ بالا ایکٹ کےنقطے (ا سےج) میں درج جرم کےلئے دوسرونکو اکسایا ہے یا وہ اس میں ملوث پایا گیا ہے۔

2.8.3 اس شخص کو سبسڈری پروٹیکشن کی اہلیت سے خارج کر دیا جائے گااگر وہ آئر لینڈ کی ریاست میں آمد سے پہلے پیراگراف 2.8.2میں درج کسی بھی جرم میں ملوث نہیں رہایا اگر اس نے کوئی جرم کیا ہے اور اس کاآئر لینڈ کی ریاست میں آنے کا مقصد اپنے اصل ملک یا سابقہ رہائش والے ملک میں اس جرم کی سزا سے بچنا ہےتو کاآئر لینڈ کی ریاست اس کو اس جرم کی سزا دے گی۔

## 2.9 یوروڈیک (EURODAC)کیاہے؟

یوروڈیک الیکٹرانک نظام ہےجو کنٹریکٹنگ ریاستوں کے درمیان فنگر پرنٹس کے تبادلے اور موازنے سے ای یو ڈبلن ریگولیشن کی درخواستوں کو مؤثر بناتا ہے۔ ای یو ڈبلن ریگولیشن پر مزید تفصیلات کے لئے سیکشن **10**ملاحظہ کریں۔

## 2.10 کامن ٹریول ایریا کا دائرہ کار کیا ہے؟

2.10.1 کامن ٹریول ایریا (CTA) آئر لینڈ، برطانیہ، چینل جزائر اور آئل آف مین پر مشتمل ہے۔

# سیکشن 3
# انٹرنیشنل پروٹیکشن پروسس

**3.1 جب میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کرتا ہوں تو میں کیا توقع رکھ سکتا ہوں؟**

3.1.1 جب آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درج کرتے ہیں تو آ پ توقع رکھ سکتے ہیں کہ:

(i) آپ کی عمر، معذوری، شہریت ،قومیت، نسل، جنس، جنسی رجحان، مذہب یا عقیدے کو قطع نظر کرکے ہم آپ سے احترام، عزت اور جانبداری سے پیش آ ئیں گے۔

(ii) IPOاس چیز کو سمجھتا ہے کہ آپ شاید اس عمل سے ناواقف ہوسکتے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ اس وو‌ران آپ کو تکلیف دہ تجربات سے گزرنا پڑے اور آپ اپنے بارے میں حساس معلومات دیتے وقت جذباتی بھی ہوسکتے ہیں۔

(iii)اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے انفرادی حالات پر ٹھیک طرح غور کیا جائے تو IPOکو درخواست سے متعلقہ اپنی حساس معلومات (جیسا کہ عصمت دری ، تشدد، بدسلوکی یا اپنی جنسیت کے بارے میں )دیتے وقت اپنے آپ کو مخفوظ سمجھیں۔ آپ کی درخواست کے سلسلے میں فراہم کی گئی تمام تفصیلات کوقانون کے مطابق خفیہ رکھا جائے گااوراس کا اشتراک آپ کےملک کے حکام یا آئر لینڈ میں موجود آپ کےملک کے نمائندوں سے نہیں ہوگا۔

(iv) اگر آپ کا کوئی تجربہ اس نوعیت کا ہےجس کاتذکرہ آپ کسی مرد یا عورت کے ساتھ آسانی سے کرسکتے ہیں تو،جس حد تک ممکن ہوا IPO آپ کی یہ گزارش پوری کریگا۔

(v) آپ سےیہ بھی پوچھا جائے گا کہ آیا آپ IPOسےانگریزی میں بات چیت کرکے مطمئن ہیں یا اس سلسلےمیں آپ کو مترجم کی ضرورت ہوگی۔ آپ مترجم کی سہولت حاصل کرنے کے حقدار ہیں اور جہاں تک ممکن ہوا مواصلات کو یقینی بنانے کیلئے آپ کو مترجم فراہم کیا جائے گا۔

**3.2 درخواست کے عمل میں ابتدائی مراحل کیا ہیں؟**

3.2.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع کرانے سے پہلے ابتدائی انٹرویو کاعمل مکمل کرنا آپ کے لئے ضروری ہے، اس انٹرویو میں اس بات پر غور کرنا بھی شامل ہو گا کہ آیا آپ کی درخواست IPOمیں درج ہوسکتی ہے یاوہاں قبول ہوسکتی ہے۔

**3.3 میری درخواست کی قبولیت کا تعین کس طرح کیا جائے گا؟**

3.3.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع کرانے سے پہلے (جو کہ ابتدائی انٹرویو کا حصہ ہے) آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر کو اس چیز پر قائل کریں کہ آپ کی درخواست قابل قبول ہے۔

3.3.2 آپ کی درخواست قابل قبول نہ ہوگی (اور آپ پروٹیکشن کیلئے اہل نہ ہونگے) اگر:

(i) کسی اور یورپی یونین کی رکن ریاست نے آپ کو رفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن عطا کردی ہے۔

(ii) یورپی یونین کی رکن ریاستوں کے علاوہ ،کوئی اور ریاست نے:

a. آپ کو رفیوجی (پناہ گزین) تسلیم کیا ہے اور آپ وہاں کے پروٹیکشن سےفائدہ اٹھا سکتے ہیں، یا
b. آپ بصورت دیگر اس ملک میں مناسب تحفظ دیا جاسکتا ہے، ان میں شامل نان ریفا ؤ لمنٹ (non-refoulement) کے اصول سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اس ملک میں آپ کی رکنیت بحال کی جائے گی۔

3.3.3 انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر ابتدائی انٹرویو کے بعد آپ کی درخواست کی قبولیت کے بارے میں آپ کو تجویز دے گا۔

3.3.4 اگر آپ کی درخواست انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئےناقابل قبول ہے تو آپ کو اس سلسلے میں انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر سے تجویز حاصل کرنی چاہئے، آپ وجوہات کی ایک تحریری رپورٹ موصول کریں گے۔

3.3.5 آپ متعلقہ قانونی مدت کے اندر ، IPATمیں تجویز کیلئے اپیل کرنے کے اہل ہیں۔اپیلوں کے بارے میں مزید معلومات سیکشن 5 موجود ہے۔IPATکا فیصلہ زبانی سماعت کے بغیر کیا جائے گا۔

3.3.6 اگر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر اس بات کی تجویز دیتا ہےآپ کی درخواست انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئےناقابل قبول ہےتو اس فیصلے کی توثیقIPAT سے ہوگی،منسٹر کیلئے ہےآپ کی درخواست کوناقابل قبول قرار دینا ضروری ہے -

3.3.7 اگر آپ کی درخواست کو IPOیا IPATقرار دیتے ہیں تو اس بات کی توثیق کرے گا کہ IPOاس درخواست کے بارے میں تحقیق اور تعین کریں۔

## 3.4 اگر مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی سابقہ درخواست پر فیصلہ مل چکا ہےتو کیامیں (اس درخواست کے بعد) ایک اور درخواست درج کر کتا ہوں؟

3.4.1 منسٹر کی رضامندی کے بغیر کوئی بھی شخص انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے دوسری یا مزید درخواست (اس کے بعد کی درخواست) درج نہیں کرسکتا ہے۔

3.4.2 انٹرنیشنل پروٹیکشن کےسلسلےمیں منسٹر کی رضامندی حاصل کرنے کیلئے ایک تحریری درخواست منسٹر کو بھیجی جائےگی اور انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر اس درخواست پر غور کرے گا۔

3.4.3 ایک اور درخواست کیلئے اہل ہونے کے لئے، مندرجہ صوتوں کو پوراکرنا ضروری ہے:
(i) گزشتہ انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے وقت سے، نئے عناصر یا نتائج جو آپ پیش کرچکے ہیں اور اس وجہ سے بہت حد تک امکان ہے کہ آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن حاصل کرنے کے اہل ہوجائینگے۔
اور

آپ کی خود کی کوئی غلطی نہیں تھی، پچھلی درخواست کے مقاصد کو پورا کرنےکے لئے ان عناصر یا نتائج کو پیش کرنے میں ناکام رہےتھے۔
یا
(ii) آپ نے اپنی درخواست کو واپس لے لیا تھا یا اس چیز کا تصور کیا تھا، درخواست واپس لینے کےوقت آپ کی کسی بھی غلطی کا انکشاف نہ ہوا تھامگر آپ اپنی درخواست کی پیش قدمی سے ناواقف رہیں تھے۔

3.4.4 اگر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر اس بات کی تجویز دیتا ہےکہ آپ کی پچھلی درخواست کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید درخواست درج کرنے کیلئے منسٹر کو رضا مندی دینی چاہئے تو پھر آپ ایک اور درخواست جمع کراسکتے ہیں۔
اگر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر اس بات کی تجویز دیتا ہےکہ آپ کی پچھلی درخواست کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید درخواست درج کرنے کیلئے منسٹر کو رضا مندی نہیں دینی چاہئے تو پھر آپ ایک اور درخواست جمع نہیں کراسکتے ہیں۔

3.4.5 آپ متعلقہ قانونی مدت کے اندر مؤخر الذکر سفارش کیلئے IPATسے اپیل کرنے کے اہل ہیں۔ اپیلوں کے بارے میں **مزید معلومات سیکشن 5 موجود ہے۔IPATکا فیصلہ زبانی سماعت کے بغیر کیا جائے گا۔** اگر آپ اپیل نہیں کرتے تو، منسٹر ایک اور درخواست جمع کرنے کیلئے رضا مندی ظاہر کرے گا۔
3.4.6 اگر آپکی اپیل مان لی جاتی ہے تو، منسٹر آپ کو ایک اور درخواست درج کرانے کی اجازت دے دیگا۔ اپیل مسترد ہونے کی صورت میں منسٹر ایک اور درخواست درج کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔

### 3.5 ابتدائی انٹرویو کیاہے؟

3.5.1 ابتدائی انٹرویو کے دوران آپ سے دوسری چیزوں کے علاوہ ، چند مختصر سوالات کیے جائینگے، جیسا کہ
(i) آ یا انٹر نیشنل پروٹیکشن کیلئے درخواست جمع کرانا چاہتے ہیں، اگر ہاں تو اس درخواست کو درج کرنے کی بنیادی وجوہات کیا ہوں گئیں۔
(ii) آپکی شناخت
(iii) آپکی شہریت
(iv) آپکے اصل ملک یا سابقہ رہائش والے ملک کے بارے میں
(v) کس راستے سے آپ آ ئرلینڈ کی ریاست میں داخل ہوئے ہیں، کس نقل و حمل کے ذرائع سے آپ یہاں آئے ہیں اور اس شخص کی تفصیلات فراہم کریں جس کے تعاون سے آپ نے آ ئرلینڈ کا سفر کیا،
(vi) کن وجوہات کی بناء پر آپ آ ئرلینڈ میں آ ئے ہیں،
(vii) ریاست (آئر لینڈ) میں آپ کے داخلے یا موجودگی کی قانونی حیثیت۔

3.5.2 اس چیز کا تعین کرنے کیلئے کہ آ یا آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے عمل میں حصہ لے سکتے ہیں، اس سے متعلق آپ سے کچھ سوالات کیے جائیں گے(سیکشن 3.3اور 3.4ملاحظہ کیجئیے)۔

3.5.3 ابتدائی انٹرویو، جہاں تک ضروری اور ممکن ہوا، ایک مترجم کی مدد سے منعقد کیا جائے گا۔

3.5.4 انتدائی انٹرویو کے ریکارڈ کو منعقد کرنے والا آ فیسر مخفوظ کرےگا۔ اس ریکارڈ کو پرھنے کا اور اس کو صحیح کرنے کا (اگر آپ ضرورت محسوس کرتے ہوں تو)آپکو موقع دیا جائے گا۔ آپ کو بعد میں ایک اعلامیہ بھی دستخط کرنے کا کہا جائےگا،اس کا مقصد اس بات کی تصدیق کرنا ہے کہ آپ نے جو معلومات مہیا کی ہیں یا ان معلومات میں جو تبدیلی کی ہیں وہ سب کچھ وہ درست ہے۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ اس اعلامیے کو دھیان سے پڑھیںتاکہ آپ کو اس بات کی تسلی ہوجائے کہ آپ نے اپنی تمام معلومات اس انٹرویو میں فراہم کی ہیں۔اس بات کو یقینی بنانا آپ کی ذمہ داری ہے کہ انٹرویو کے دوران آپ نے کو کوئی غلط حوالہ نہیں دیا یا کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔ پھر آپ کو اتفاق کردہ انٹرویو ریکارڈ کی نقل دی جائے گی ۔

3.5.5 ابتدائی انٹرویو کے بعد ، اگر آپ کی درخواست قابل قبول ہونا پائی جاتی ہےتو ،اس طرح ایک درخواست بھرنے سے آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے درخواست درج کرنے کی اجازت دی جائے گی۔

## 3.6 میرےفنگر پرنٹ اور دیگر بایومیٹرک انفامیشن لیئےجائیں گے؟

3.6.1 IPO آپ کی بایومیٹرک انفامیشن لے گا۔ اس میں فنگر پرنٹز لینا اور آپ کی تصور بنانا شامل ہے۔ان کا مقصد آپ کی قائم کرنا اور اس جانچ پڑتال کرنا ہے کہ آیا آپ نے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے حصول کیلئے آپ نے پہلے سے کوئی درخواست EU ڈبلن ریگولیشن کی کسی کنٹریکٹنگ اسٹیٹ میں جمع کرائی ہے یا نہیں(سیکشن 10 ملاحظہ کریں) ۔ ان معلومات کا موازنہ دوسری ڈیٹابیس (جس میں EURODACاور دوسرے ویزے شامل ہیں )سے کیا جائے گا،اس بات کی یقین دہانی کرائی جائے گی کہ آئر لینڈ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کے حوالے سے ایک ذمہ دار ملک ہے۔
14سال سے کم عمر بچے کے فنگر پرنٹز اس کے والدین کی یا ذمہ دار بالغ کی یا اگر اطلاق ہواتو اس شخص کی مودگی میں ہونگے جس کی تقرری TUSLA(چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی ، جو اس عمل کے دوران درخواست دہندہ کی درخواست درج اور اس کی نمائندگی کرتی ہے)کریں گی۔

## 3.7 مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے بارے میں تحریری معلومات ملے گئیں؟

3.7.1 اس کتابچے کے ساتھا آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کا سوالنامہ بھی دیا جائے گا،ا س سوالنامے کو مکمل کرکے IPOمیں واپس دیناآپ کیلئے لازم ہے۔ اس سوالنامے کو IPO کےمقرر کردہ تاریخ اور وقت پر جمع کرانا ضروری ہے۔
**<u>اگر آپ اس سوالنامے کومخصوص تاریخ اور وقت پر واپس نہیں کرتے تو آپ اپنی درخواست کے جائزے کے سلسلے مینحکام سے تعاون کرنے میں جو کہ آپ کی ذمہ داری ہے،اس میں ناکام ثابت ہونگے۔ اس سلسلے میں، براہ مہربانی سیکشن 4.4اور سیکشن 8.2ملاحظہ کریں۔</u>**

3.7.2 آپ کو اس بات کی تجویز دی جاتی ہے کہ سوالنامہ حل کرنے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کریں۔

## 3.8 میں جب انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست جمع تو مجھے کیا چیزیں لانے کی ضرورت ہے؟

3.8.1 IPOمیں درخواست جمع کراتے وقت آپ کو چاہئےکہ سب دستاویزات جو آپ کی تحویل میں ہیں وہ اپنے ساتھ لائیں۔ان میں شا مل ہیں

- **پاسپورٹ**: اس میں آپ کاپا سپورٹ، اورآپ کے جیون ساتھی کا پا سپورٹ یاان زیر کفالت افراد کے پا سپورٹ جو آپ کے ساتھ آئرلینڈ میں موجود ہیں(اگر قابل اطلاق ہو )۔یہ IPOکوآپ کی عمر، شناحت اور قومیت قائم کرنے میں مد د دیگا۔اگر آپ نے آئرلینڈ سفر کے دوران غلط پاسپورٹ استعمال کیا ہے تو آپ کو یہ بھی اپنے ساتھ لانا چاہئے۔
- **دیگر سفری دستاویزات:** اس میں ٹریول ٹکٹیں اور بورڈنگ پاس شامل ہے، یہاں تک کہ یہ اس نام پر جاری نہیں ہوئے جوکہ سفر کیلئے استعمال ہونے والے پاسپورٹ یا قومی شناختی کارڈ پر درج ہے۔
- **دیگر دستاویزات:** اس میں شناختی کارڈ ،برتھ، میرج یا سکول سرٹیفیکیٹ، ممبرشب کارڈز اور دیگر آپ کے دعوی سے متعلقہ دستاویزات شامل ہیں۔
-

3.8.2 جتنی جلدی ممکن ہو، آپ کو اپنی درخواست کی حمایت میں تمام دستیاب دستاویزات IPOکو فراہم کرنے چاہئے۔آپ کو IPOمیں اپنے ساتھ یہ دستاویزات لانی چاہئے یا اگر ایسا نہ کرسکے تو اانٹرنیشنل پروٹیکشن کےحصول کیلئےاپنی درخواست درج کراتے وقت، آپ یہ کام اانٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو سے پہلے یا اس دن پورا کرنا چاہئے۔اگر ان میں سے کسی بھی شرط کو پورا نہیں کرتے تو ، آپ کو IPOمیں اضافی دستاویزات اانٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو کےدن مقرر کردہ وقت کے اندر جمع کرانے ہونگے۔

3.8.3 ملوث حالات پر منحصر ہے ، دستاویزات فراہم نہ کرنا انٹرنیشنل پروٹیکشن پروسس کے تحت **آپ کاتعاون نہ کرنے کے حوالے سےآپ کی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکامی** تصور کی جاسکتی ہے۔براہ مہربانی **سیکشن 4.4اور سیکشن 8.2**ملاحظہ کریں۔

## 3.9 ٹیمپوریری ریزیڈینز سرٹیفیکیٹ (TRC) کیا ہے اور میں کب انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کروں گا؟

3.9.1 جب آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے اپلائی کرتے ہیں اور آپ کی درخواست قابل قبول پائی جاتی ہے،ابتدائی رجسٹریشن کے عمل کے طور پر آپ کو ٹیمپوریری ریزیڈینز سرٹیفیکیٹ (TRC) دیا جائےگا۔ TRCاس بات کا ثبوت ہےکہ آپ نے آئرلینڈ میں پروٹیکشن کی درخواست درج کی ہے۔

3.9.2 TRCنہ تو شناختی کارڈ ہے اور نہ ہی آپکی شناخت کا ثبوت ہے بلکہ یہ آپ کی ذاتی تفصیلات(جس میں آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور قومیت کے ساتھ ساتھ آپکی تصویر) جوکہ آپ نے IPOکوفراہم کی ہیں ،ان پر مشتمل ہوگا ۔

3.9.3 TRCکی تجدید ہوسکتی ہے،یہ منسٹر کی ملکیت رہتا ہے اور منسٹر کے کہنے پراسے واپس کرنا آپ کے لئےلازمی ہے۔آپ کا TRCفاسد ہوجاتا ہے جب تک آئرلینڈ میں آپ کے داخلےاور رہنےکی اجازت درست نہیں رہتی۔

3.9.4 اپنی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کےسلسلے میں آپ کیلئے اس چیز کو یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کے TRCکی معیاد ختم نہیں ہوئی اور اس پر یہ واضح ہےکہ آپ کو آئرلینڈ کی ریاست میں رہنے کی اجازت ہے۔

## 3.10 کیا مجھے معذوری ہے یا میری خصوصی ضروریات ہیں؟

3.10.1 براہ مہربانی اپنے انٹرویو کے لئے کوئی خصوصی ضروریات یا تقاضوں کے بارے جتنی جلدی ممکن ہو IPOکو بتائیں۔آپ کو IPOکو درخواست درج کرانے والے دن اپنی خصوصی ضروریات کے بارے میں مطلع کرنا چاہئے۔IPOجہاں تک ممکن ہوا آپکی معقول ضروریات جن کا آپ بتائے گےان کو ایڈجسٹ کرنے کی کوشش کرے گا۔

## 3.11 اگر میں حراست میں ہوں یا نظربند ہوں تو کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے اپلائی کرسکتاہوں؟

3.11.1 اگرتو آپ آئرلینڈ کی ریاست میں گرفتار ہیں یا حراست میں ہیں اگرچہ آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست دے سکتے ہیں ۔آپ گورنر کےادارے کے ذریعے جہاں آپ گرفتار ہیں،آپ پروٹیکشن کیلئے درخواست درج کرسکتے ہیں۔آپ کو چاہئے کہ گورنر کے دفتر کو فوری طور پر پروٹیکشن کی درخواست درج کرنے کی چاہت کے بارے میں مطلع کریں۔ گورنرکادفتر پھر IPOکےساتھآپ کی درخواست پر کارروائی کےسلسلے میں ضروری انتظامات کرے گا۔

3.11.2 IPOگرفتار شخص کی درخواست کےمعائنےور جائزے کیلئے ترجیحات طے کریگا۔

## 3.12 انٹرنیشنل پروٹیکشن کےدرخواست گزار کو کن حالات میں حراست میں لیا جاسکتا ہے؟

3.12.1 امیگریشن افسر یا Garda Síochánaکا ممبر درخواست دہندہ کو اگر کوئی شبہ ہو تو بغیر وارنٹ کے گرفتار کرسکتا ہے، اگر وہ:

(i) ریاست (آئر لینڈ) میں عوام کی حفاظت یا امن عامہ کے لئے خطرہ،

(ii) ریاست (آئر لینڈ) کے باہر ایک سنگین غیر سیاسی جرم کیا ہو،

(iii) اس نے اپنی شناخت قائم کرنے کیلئے معقول کوششیں نہیں کی ہیں،

(iv) ریاست (آئر لینڈ) کوچھوڑنے اور کسی قانونی اتھارٹی کے بغیر دوسرے ملک میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے۔

(v) ایسا کام یا عمل کرنے کا ارادہ رکھتا جس سےذیل عوامل کو نقصان پہنچے گا
- اشخاص کو آئرلینڈ کی ریاست میں انٹرنیشنل پروٹیکشن دیئے جانے کا عمل، یا
- کامن ٹریول ایریا سے متعلق کوئی انتظام (سیکشن 2.10 ملاحظہ کریں)، یا
- 

(vi) مناسب بہانے کے بغیر –
- اس نے اپنی شناخت کو ضائع کردیا ہے،یا
- اس کے قبضےمیں جعلی، تبدیل شدہ یا بدلے ہوئے شناختی دستاویز رہے ہیں۔

3.12.2 اگر آپ مندرجہ بالا میں سے کسی کے الزام میں گرفتار کر رہے ہیں تو، آپ کو حراست کی ایک مقررہ جگہ پر لیا جا سکتا ہے۔ اس شخص کو حراست میں ڈسٹرکٹ کورٹ میں پیش کرنے کے غرض سے لیاجائے گا، اس شخص کو 21 دنوں کے عرصے تک حراست میں رکھا جائے گا یا اس کی بازیابی جرم کی نوعیت سے مشروط ہوگی۔ اس کی نظر بندی کی مدت کی تجدید ہر 21دنوں کے ادوار کے بعد اس کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے معائنے سےہوسکتی ہے۔ ان دفعات کے تحت ایک گرفتار شخص کسی بھی عدالت میں پیش ہونے کے غرض سےقانونی مشاورت کیلئے قانونی نمائندے اور مترجم کی خدمات حاصل کرنےکا حق رکھتا ہے۔

## 3.13 اگر میرے خاندان میں 18 سال سے کم عمر زیر کفالت افراد ہوتو کیاہوتا؟

3.13.1 اس ضمن میں درخواست کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ 18 سال کی عمر سے کم زیر کفالت بچہ آئرش شہری نہیں ہے ،اس طرح وہ آپ کی درخواست میں شامل ہوجائے گا۔ یہ صورت بھی لاگوہوگی کہ آیا یہ بچہ آپ کی درخواست کی تشکیل کے وقت ریاست (آئر لینڈ) میں موجود تھا یا نہیں۔

3.13.2 لہذا، اس چیز کا بھی اندازہ لگایا جائے گا کہ آپ نے اس زیر کفالت بچے کی جانب سے بھی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست درج کی ہے جو آئرش شہری نہیں ہے اور:

(ا) آپ کی درخواست کی تشکیل کے وقت وہ ریاست (آئر لینڈ) میں موجود ہے اور اس کی عمر18سال سے کم ہے،
(ب) وہ ریاست (آئر لینڈ) میں پیدا ہواتھا جب آپ درخواست گزار تھے،
(ج) اسکی کعمر18سال سے کم ہے اور وہ ریاست (آئر لینڈ) میں داخل ہوا جب آپ درخواست گزار تھے۔

3.13.3 اگر آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کیلئے درخواست کررہے ہیں اور آپ کے زیر کفالت بچے بھی ہیں ، آپ کیلئے ضروری ہے کہ اپنی درخواست جمع کرنے والے دن ان کو بھی IPO میں لیں کر آئیں۔

3.13.4 **اہم نوٹس: اگر آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست آپ کے بچے کی پیدائش کےبعد درج ہوتی ہے، یا آپ کی درخواست درج ہونے کےبعد آپ کے زیر کفالت کوئی فرد ریاست (آئر لینڈ) میں داخل ہوتاہے تو، آپ کےلئے ضروری ہےکہ فوری طور پراس بچےیاان بچوں کو IPOمیں لائیں۔**

## 3.14 میں قانونی مشورہ کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

3.14.1 آپ کو درخواست کی تشکیل کے بارے میں ایک قانونی نمائندے سے مشورہ کرنے کا حق حاصل ہے۔اس سلسلے میں آپ Legal Aid Board (LAB)کی خدمات سے استفادہ کر سکتے ہیں
(i) آپ کی درخواست کی حمایت میں قانونی مدداور مشورہ حاصل کرسکتے ہیں۔

(ii) انٹرنیشنل پروٹیکشن کے سوالنامے کو مکمل کرنے کیلئےآپ کو مشورہ دینا، اس مقصد کیلئے ان گزارشات کا انتخاب کرناجن کی بنیاد پر منسٹر کو آپ کو ریاست (آئرلینڈ) میں رہنے کی اجازت دینی چاہئے۔

(iii)انٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو کی تیاری اور منسٹر کو تحریری نمائندگی کرنے میں مدد کرنا۔

(iv)درخواست کے منفی فیصلے آنے کی صورت میں انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹرائیبونل IPAT کو اپیل کے سلسلے میں آپ کی نمائندگی کرنا۔

3.14.2 LAB سے رابطے کی تفصیلات Annex میں درج ہیں۔

3.14.3 اگر آپ LAB کی سروسس نہیں حاصل کرنا چاہتے تو آپ اپنے خرچے پر ایک نجی قانونی نمائندے کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نجی قانونی نمائندے کی خدمات حاصل کرتے ہیں تو آپ اس بات کی تسلی کر لیں کہ وہ ریاست (آئرلینڈ) میں کام کرنے والا بیڑسٹر ہے۔

**3.15 کیا میں اپنی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست خارج کرسکتا ہوں؟**

3.15.1 آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر کے کسی نتیجے پر پہنچنے سے پہلے کسی بھی وقت اپنی درخواست سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ ایسا آپ IPO کو اپنی درخواست سے دستبرداری کا نوٹیفیکیشن بھیج کر کر سکتے ہیں۔ اس نوٹیفیکیشن میں آپ کا پتہ، ریفرنس نمبر اور دستحت شامل ہونے چاہئے۔ اگر آپ کی درخواست میں آپ پر ڈیپینڈ کرنے والے بچے بھی شامل ہیں تو ان کی تفصیلات بھی آپ کو اپنے دستبرداری کے نوٹس میں شامل کرنی ہوگی۔

3.15.2 آپ کی درخواست سے دستبرداری کا یہ اثر ہوگا کہ آپ IPAT سے اپیل نہ کر سکیں گے اور منسٹر آپ کو ریفیوگی سٹیٹس یا سبسیڈائری پروٹیکشن ڈکلیریشن دینے سے انکار کر دے گا۔ تاہم، یہ بات نوٹ کریں کہ منسٹر آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت دینے کے بارے میں نہیں سوچے گا، اگر تو آپ کے پاس رکنے کی کوئی اور وجہ موجود نہیں ہے تو آپ کو ڈیپورٹ کرنے کے کافی چانسز ہونگے۔

3.15.3 اپنی درخواست سے دستبرداری کا فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کو قانونی مدد لے لینی چاہئے تاکہ آپ پوری طرح اپنے فیصلے کے نتائج سے واقف ہو جائیں۔

# سیکشن 4
# انٹرویو اور جائزہ

### 4.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کےانٹرویو پر میں کیا توقع کر سکتا ہوں؟

4.1.1 آپ کو اپنے انٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو کی تاریخ، وقت اور جگہ کے بارے میں معلومات IPO کی طرف سے تحریر کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ آپ کا انٹرویو اکیلے میں لیا جائے گا۔ اگر آپ نے نر یا مادہ انٹرویونگ افسر / ترجمان کی درخواست کی ہے توIPO ، اگر ضروری اور ممکن ہو تو، اس کا انتزام کرے گا۔

4.1.2 آپ کا انٹرویو آپ کے لئے ایک بہترین موقع ہے کہ آپ IPO سے روبرو پوری بات صاف بتا سکیں کہ آپ نے اپنی سابقہ رہائس گاہ کے ملک / آبائی ملک کیوں چھوڑا اور آپ وہاں واپس جانے سے کیوں ڈرتے ہیں۔ آپ کے لئے یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ اس انٹرویو میں ضرور شامل ہو جس کو ہم اپنی طرف سے اتنا حساس بنانے کی کوشش کریں گے جتنی ہم کر سکتے ہیں۔ آپ کے لئے یہ بات بھی اہم ہے آپ کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے اسے بھرپور سچائی کے ساتھ بیان کریں اور یہ کہ اگر آپ اپنے ملک لوٹتے ہیں تو آپ کو کس سے خطرہ ہو گا۔

4.1.3 ہم آپ کا انٹرویو اس زبان میں لیں گے جو آپ آسانی سے سمجھ سکیں گے اور جس زبان میں آپ آسانی سے بات کر سکیں گے۔ انٹرویو کا تحریری ریکارڈ انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر کی طرف سے رکھا جائے گا اور وقتاً فوقتاً آپ کو واپس پڑھا جائے گا تاکہ آپ اس کو درست کر سکیں۔ آپ کو آپ کے انٹرویو کی درست ہونے کی تصدیق کرنے کے لئے ہر صفحے پر دستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا۔

4.1.4 یہ آپ کے لئے بہت اہم ہے کہ آپ اپنی درخواست کی حمائت میں اپنے پاس موجود تمام ثبوت اور معلومات انٹرویو کے وقت (یا اس سے پہلے، اگر ممکن ہو) فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس مزید کچھ ثبوت ہیں جو آپ انٹرویو کے بعد جمع کروانا چاہتے ہیں تو یہ کام آپ کو IPO کی طرف سے دی گئی حدِوقت کے اند اندر کرنا ہوگا۔

4.1.5 ہم آپ کی طرف آپ کی درخواست یا جانچ پڑتال کے عمل کے دوران فراہم کی گئی مخصوص جنس کی معلومات یا کسی بھی خطرے کی معلومات کو ذیرِغور رکھیں گے۔

4.1.6 انٹرویو میں آپ سے ریاست میں رہنے کی اجازت کے مطعلق کوئی سوال نہیں پوچھا جائے گا۔انٹرویو صرف آپ کے تحفظ کی درخواست کے مطعلق ہوگا۔ تاہم، اگر انٹرویو میں دوسرے معاملات پیدا ہوتے ہیں، تو وہ انٹرویو لینے والے کی طرف سے تحریری طور پر لکھ لئیے جائیں گے۔ اگر IPO یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن نہ دی جائے تو، اس صورت میں آپ کو ریاست میں رہنے کے لئے اجازت عطا کرنے یا نہ کرنے کے فیصلے کے سلسلے میں یہ معلومات فراہم کی جائے گی۔

**4.2 کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو پر اپنی مدد کیلئے کسی شخص کو ساتھ لاسکتاہوں؟**

4.2.1 آپ کا انٹرویو اکیلے میں لیا جائے گا۔ آپ کا قانونی نمائندہ بھی انٹرویو میں حصہ لے سکتا ہے۔ اگر آپ لیگل ایڈ بورڈ سے قانونی معاونت حاصل کر رہے ہیں تو آپ کو اپنے قانونی نمائندے کے مطعلق معلوم کرنا ہوگا کہ کیا وہ انٹرویو میں حصہ لے سکتا ہے یا نہیں۔ عاپ طور پر، کسی اور شخص کو انٹرویو میں آپ کے ساتھ جانے کی اجازت نہیں ہوتی، لیکن اگر آپ 18 سال کی عمر سے چھوٹے ہیں تو یا تو آپ کا سرپرست یا TUSLA – چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کا کوئی نمائندہ آپ کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔

4.2.2 جو شخص آپ کے ساتھ انٹرویو میں آئے اسے آپ کے لئے کسی سوال کا جواب دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

4.2.3 اگر آپ اپنا قانونی نمائندہ ساتھ لانے کا ارادہ کرتے ہیں تو اسے صرف انٹرویو کا مشاہدہ کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسے صرف انٹرویو کے شروع اور اختتام پر موقع دیا جائے گا اگر وہ کوئی اپنی رائے دینا چاہے۔ اسے آپ کے لئے کسی بھی سوال کا جواب دینے کی اجازت نہں ہوگی۔

**4.3 کیا ہوگا اگر میں انٹر ویو میں شرکت نہ کرسکا یا اس دن غیرحاضر ہوا؟**

4.3.1 چونکہ یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ تحقیق کے عمل میں بھرپور تعاون کریں، انٹرویو صرف اس صورت میں ملتوی کیا جا سکتا ہے کہ اگر آپ شدید بیمار ہو یا دیگر غیر معمولی وجوہات کی بنا پر۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ انٹرویو میں نہیں آ سکتے تو آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو، IPO کو اطلاع کرنا ہوگی۔ آپ کو انٹرویو سے پہلے اپنے ڈاکٹر (جی پی یا کنسلٹنٹ) کی طرف سے اپنی بیماری کا میڈیکل ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔

4.3.2 اگر آپ اپنا انٹرویو اس کے متعین کردہ وقت پر نہیں دیتے اور اس کے تین دن بعد بھی IPO کو کوئی مناسب وجہ نہیں بتاتے، تو IPO آپ کی درخواست کے عمل کو آپ کی پہلے سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر آگے بڑھا دے گا۔ آسان لفضوں میں، آپ انٹرویو کے ذریعے اپنی بات تفصیل سے بتانے میں ناکام ہو جائیں گے اور آپ کی درخواست کا عمل، انٹرویو کی تاریخ سے پہلے پہلے تک، سوالنامے میں فراہم کردہ معلومات اور دیگر دستاویزات کی بنا پر ہی آگے بڑھایا جائے گا۔

**4.4 کیا ایپلی کیشن پروسس میں تعاون کرنا میرا فرض ہے اور تعاون نہ کرنے کی صورت میں کیانتائج ہونگے؟**

4.4.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے جائزہ لینے کے عمل میں بھرپور تعاون کرنا آپ کا فرض ہے۔

4.4.2 آپ کے تعاون کرنے کا فرض بہت وسیع ہے اور اس میں مندرجہ ذیل ضروریات شامل ہیں:
(i) آپ کی درخواست کی تحقیق کے لئے مکمل سچا ہونے اور جتنی جلدی ممکن ہو، تمام معلومات فراہم کرنے کی (اس میں بیانات اور وہ تمام دستاویزات شامل ہیں جو آپ کی درخواست سے جڑی ہوئی ہیں)، اور

(ii) آپ کی درخواست کے جائزہ لینے کے عمل میں اور اپیل کے تعین میں بھرپور تعاون کرنے کی۔

4.4.3 آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 کے تمام فرائض اور ذمہ داریوں کو انجام دینا بھی لازمی ہوگا۔ (اس کے لئے، برائے مہربانی سیکشن 8 کا مطالعہ کریں)

4.4.4 اگر منسٹر کا یہ سوچنا ہے کہ:
(i)آپ اپنی درخواست کے معائنے کے عمل میں بھر پور تعاون کرنے کی اپنی ذمہ داری درست طریقے سے انجام نہیں دے رہے، یا
(ii)آپ نے منسٹر کی اجازت کے بغیر ریاست (آئرلینڈ) چھوڑنے کی کوشش کر کے اپنے اوپر لگی پابندی کی خلاف ورضی کی ہے، یا
(iii)آپ نے منسٹر کو اپنے بتے یا پتے کے تبدیل ہونے سے آگاہ نہ کرکے اپنی ذیہ داری پوری نہیں کی، یا
(iv)آپ نے اس نوٹس کی خلاف ورضی کی ہے جس کے مطابق:

- آپ کو ریاست (آئرلینڈ) کے ایک مخصوص حصے میں رہنے کی اجازت تھی

اور

- مخصوص وقت کے بعد ایمیگریشن افسر یا Garda Síochána سٹیشن پر ریپورٹ کرنے کی ضرورت تھی،

تو منسٹر آپ کو تحریری طور پر مطلع کرے گا اور آپ کو دس دن کے اندر اندر اس کی وضاہت دینے کے لئے بلائے گا۔ آپ کو آپ کی بھر پور تعاون کی ذمہ داری یاد دلائی جائے گی اور آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ اپنی درخواست کو مزید آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔

4.4.5 اگر

(a) آپ جواب نہیں دیتے،

یا، آپ کے رویئے کو غور کرنے کے بعد،

(b)منسٹر یہ سوچتا ہے کہ آپ تہفظ کے پروسیس میں تعاون نہیں کر رہے،
تو آپ کی درخواست کا جائزہ، اس وقت تک جمع کروائی گئی معلومات تک کی بنا پر ہی کیا جائے گا۔

## 4.5 اہم معائنے, جس میں ذاتی انٹرویو بھی شامل ہے، کا کیا عمل ہے؟

4.5.1 انٹڑنیشنل پرہٹیکشنکو قائم کرنے کے لئے آئی پی او آپ کی درخواست کی تفتیش کرے گی کہ:

- سب سے پہلے،آیاں آپ پناہ گزین کی حیثیت کے لیے اہل ہیں یا نہیں، اور اگر نہیں،
- تو کیا آپ کو ماتحت ادارے کے تحفظ حقدار ہیں یا نہیں۔

4.5.2 اس عمل میں عام طور پر ضرورت ہو گی

- ایک ذاتی انٹرویو کی
- آپ کی درخواست، جس میں تحریری طور پر یا انٹرویو میں آپ کی طرف سے جمع کرائی گئی تمام معلومات بھی شامل ہے، کا معائنہ
- معائنے کے نتائج پر ایک رپورٹ کی تیاری. اس رپورٹ میں نتائج اور ایک سفارش شامل ہو گی کہ آپ انٹڑنیشنل پرہٹیکشنیا فارم کے اہل ہیں یا نہیں۔

### ذاتی انٹڑویو

4.5.3 ذاتی انٹرویو کا مقصد انٹڑنیشنل پرہٹیکشن کے لئے آپ کے دعوے کی مکمل تفصیلات حاصل کرنا ہے. میاں بیوی شراکت داروں کے عام طور پر الگ الگ انٹرویو ہوتے ہیں۔

4.5.4 انٹڑویو پر آپ کو،
(i) اس بات کی وضاحت واضح طور پر دیں کہ آپ کیوں انٹڑنیشنل پرہٹیکشنکی تلاش میں ہیں۔

(ii)اپنے زیر کفالت (اگر قابلِ اتلاق ہو) کو مدِنزر رکھتے ہوئے واضح کریں کہ آپ کیوں انٹڑنیشنل پرہٹیکشن کی تلاش میں ہیں۔

(iii) اپنے اور آپنے زیر کفالت کے مخصوص حالات کے متعلق معلومات، دستاویزات اور تفصیلات مہیا کریں اور خاص طور یہ معلومات کہ آپ اور آپ زیر کفالت سابقہ رہائش گاہ کے ملک /اپنے ملک واپس کیوں نہیں جا سکتے۔

4.5.5 یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ مکمل طور پر تعاون کریں اور مکمل طور پر سچائی بیان کریں. ایسا کرنے میں ناکامی آپ کی ساکھ کو متاثر اور آپ کو آپ کی درخواست کے موائنے میں تعاون نہ کرنے والا قرار دیا جائے گا۔ (پیراگراف کے اوپر 4.4.4 اور 4.4.5 ملاحظہ کریں)۔

4.5.6 انٹرویور انٹرویو کے دوران، اگر وہ ایسا کرنا ضروری سمجھتا ہے، آپ کی درخواست میں شامل آپ کے زیر کفالت کر سکتا ہے۔

4.5.7 مناسب مواصلات کو یقینی بنانے کے لئے جہاں ضروری اور ممکن ہو، انٹرویو ایک مترجم کے تعاون سے منعقد کیا جائے گا۔

4.5.8 مترجم پر واجب ہے کہ وہ انٹرویو کی خفیہ نوعیت کا احترام کرے، اور اسے اس بات کی اجازت بالکل بھی نہیی ہے کہ وہ اپنے کام کے دوران اکاٹھی کی گئی مولومات کو فاش کرے، یا کسی اور انسان تک پہنچائے۔

4.5.9 آپ کا انٹرویو وہ انٹرویور لے گا جس نے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے متلاشی افراد کے انٹرویو میں تربیت حاصل کی ہے اور آپ کی سابقہ رہائش گاہ / ملک کے مطعلق مکمل معلومات رکھتا ہو گا۔

4.5.10 انٹرویو کا تحریری / نشر شدہ ریکارڈ انٹرویور کے پاس رکھا جائے گا. آپ ریکارڈ کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا اور آپ کو آپ کے انٹرویو کی درست ہونے کی تصدیق کرنے کے لئے ہر صفحے پر دستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا. اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں تحریرشدہ یا نشر شدہ بات درست نہیں ہے تو، آپ کو براہ راست انٹرویور کو مطلع کرنا چاہیئے، اور آپ کو انٹرویو کے دوران موقع دیا جائے گا کہ آپ اس کو درست کر سکیں۔

4.5.11 آپ آپنی درخواست کے معائنے سے متعلق کسی بھی معاملے کے سلسلے میں آئی پی او سے تحریری طور پر نمائندگی کر سکتے ہیں. درخواست کے ساتھ منسلک کسی بھی دوسرے شخص کو بھی یہ اجازت ہیں، اور UNHCR کو بھی۔ بہتر ہے کہ ایسی کوئی بھی نمائندگی انٹرویو سے قبل بنائی جائے. IPO انٹرویو سے قبل یا اس کہ دوران آپ کی طرف سے بنائی جانے والی تمام نمائندگیوں کو زیرِغور رکھے گا اور انٹرویو کے بعد بنائی جانے والی نمائندگیاں بھی اگر وہ رپورٹ ختم ہونے سے پہلے بنائی جائیں۔

4.5.12 ایک ذاتی انٹرویو معطل کیا جا سکتا ہے اگر ایک انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر کی یہ رائےہو کہ:

(i)جمع کروایا گیا ثبوت اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ درخواست گزار ایک ایسا شخص ہے جس کو refugee declaration دی جائے۔

(ii)درخواست گزار، 18 سال سے کم عمر ہونے کی وجہ سے، اتنی کم عمر اور پچپنے کی کم سطح پر ہے کہ ایک انٹرویو معائنے کو آگے بڑھانے کے لئے مفید نہیں ہو گا۔

(iii) درخواست گزار انٹرویو دینے کے لئے نااہل ہے یا حالات برداشت کرنا اس کے کنٹرول سے باہر ہیں۔

**آپ کی درخواست کی تفشیش اور تجویز کی تیاری**

## 4.6 میرے انٹرویو کے بعد کیا ہوگا؟

4.6.1 IPO انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست کے سلسلے میں تمام متعلقہ معلومات پر غور کریں گا اور اس کی بنیاد پر ایک تجویز تیار کریں گے۔

## 4.7 میری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے ممکنہ نتائج کیا ہو سکتے ہیں؟

4.7.1 ایک انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست پر ایک تجویز پر مشتمل ایک تحریری رپورٹ تیار کرے گا۔ تجویز ذیل میں سے ایک ہو گی:
(i) آپ کو پناہ گزین ڈیکلریشن دی جانی چاہئے،

(ii)آپ کو پناہ گزین ڈیکلریشن نہیں دی جانی چاہئے لیکن ایک سبسیڈائری پروٹیکشن ڈیکلریشن دی جانی چاہئے، یا
(iii)آپ کو نہ پناہ گزین ڈیکلریشن اور نہ سبسیڈائری پروٹیکشن ڈیکلریشن دی جانی چاہئے۔
ایسی صورت میں کہ جس میں یہ تجویز کی جاتی ہے کہ آپ کو نہ پناہ گزین ڈیکلریشن اور نہ سبسیڈائری پروٹیکشن ڈیکلریشن دی جانی چاہئے، اس صورت میں،انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر کی رپورٹ میں مندرجہ ذیل ایک یا ایک سے زیادہ نتائج شامل ہو سکتے ہیں:

4.7.2 i)آپ کی درخواست نے صرف ایسے مسائل اجاگر کئے ہیں جو یا تو بالکل بھی نہیں یا انٹرنیشنل پروٹیکشن سے مطعلق بہت کم اہلیت رکھتے ہیں۔
ii)کہ آپ نے ناکافی یا متضاد نمائندگیاں کی ہیں جو آپ کے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے کابل ہونے کے دعوے کے بالکل الٹ ہے۔
iii)کہ آپ کسی معقول وجہ کے بغیر اپنی درخواست کو معقول حد تک قابل عمل بنانے میں ناکام رہےہیں جب کہ آپ کو ایسا کرنے کا موقع مل رہا تھا۔
iv)آپ کو تحفظ کے لئے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کو آپ کی سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک کے ایک حصے میں تحفظ دستیاب ہے
v)آپ کی سابقہ رہائش گاہ کے ملک / آپ کا آبائی ملک ایک محفوظ ملک ہے۔
اگر رپورٹ میں اوپر کے نتائج میں سے کم از کم ایک نتیجا شامل ہو تو، ایک مختصر مدت تک آپ IPAT سے اپیل کی درخواست دے سکتے ہیں۔ اپیل کے عمل کے بارے میں معلومات کے لئے سیکشن 5 کا ملاحظہ کریں۔

4.7.3 سنگل پروسیجر کے پروسیس میں، اگر آپ پناہ گزین کی حیثیت یا سبسیڈائری پروٹیکشن کے لئے اہل نہیں ہیں تو، پھر منسٹر ریاست (آئر لینڈ) آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت دینے کی وجوہات پر غور کریں گے. پیراگراف 1.6 اور سیکشن 13 ملاحظہ کریں۔

4.7.4 منسٹر تمہیں اور تمہارے قانونی نمائندے (اگر معلوم ہو) کو انٹرنیشنل پروٹیکشن افسر کے فیصلے سے، رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے، مطلع کریں گے۔ اگر فیصلہ یہ ہوا کہ آپ کو پناہ گزین کی حیثیت دی جائے گی تو، آپ کو صرف اس حقیقت سے مطلع کیا جائے گا۔
اگر آپ کو پناہ گزین کی حیثیت یا پناہ گزینی حیثیت اور سبسیڈائری پروٹیکشن، دونوں سے انکار ہو جاتا ہے تو، آپ کو مندرجہ ذیل چیزیں بھیجی جائیں گی:
i)فیصلے کی وجوہات پر مبنی ایک بیان
ii)فیصلے پر مشتمل رپورٹ کی ایک کاپی
iii)IPAT کے اس فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات

4.7.5 اگر آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے اہل نہیں پائے جاتے تو آپ کو منسٹر کے فیصلے سے بھی آگاہ کیا جائے گا کہ آیاں آپ کو ملک میں رہنے کی اجازت دی گئی ہے یا نہیں۔ اور اس فیصلے کی وجوہات بھی بتاتی جائیں گی
.

4.7.6 تم IPAT سے انٹرنیشنل پروٹیکشن (پناہ گزین کی حیثیت یا دونوں مہاجر حیثیت اور سبسیڈائری پروٹیکشن)حاصل نہ کرنے کی اپیل کر سکتے ہیں. آپ کی اپیل پر IPAT کے فیصلے، اور اس کی وجوہات، آپ اور آپ کے قانونی نمائندے (اگر معلوم ہو) دونوں کو مطلع کیا جائے گا۔

4.7.7 منسٹر کی آپ کو نہ رہنے دینے کی اجازت کے فیصلے کے خلاف آپ اپیل نہیں کر سکتے۔

4.7.8 اگر آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن حاصل نہ کرنے کا ارادہ ظاہر کرتے ہیں اور IPAT آپ کے فیصلے کی پاسدار ہے، منسٹر پھر آپ کے اس ملک میں رہنے کی اجازت نہ دینے کے فیصلے پر نظر ثانی کریں گے

اگر آپ حالات کی تبدیلی سے متعلق کوئی نئی معلومات پیش کرتے ہیں (اس فیصلے سے مطعلق) اصل فیصلہ کیے جانے کے بعد (پیراگراف 13.5 کا ملاحظہ کریں)۔

### 4.8 کیا ہوگا اگر میری انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے چھ مہینے بعد بھی مجھے جواب موصول نہیں ہوتا؟

4.8.1 آپ کو 6 ماہ کے اندر اندر آپ کی درخواست کا جواب موصول نہیں ہوا تو، منسٹر، آپ کی درخواست پر، آپ کو متوقع وقت پر معلومات فراہم کرے گا جس کے اندر اندر آپ کا جواب بنایا جانا چاہئے. تاہم، یہ اندازہ آئی پی او کو اس وقت کے اندر اندر ایک فیصلہ بنانے کا پابند نہیں کرتا۔

# سیکشن 5
# اپیلز اور انٹرنیشنل پروٹیکشن

**5.1 کیا مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن نہ عطا کرنے اور دیگر فیصلوں پر اپیل کرنے کی اجازت ہے؟**

5.1.1 جی ہاں.اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آپ پناہ گزین کی حیثیت یا سبسیڈائری پروٹیکشن کے حقدار نہیں ہیں تو آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔

5.1.2 آپ مندرجہ ذیل فیصلوں کے خلاف بھی اپیل کر سکتے ہیں:
(i)آپ کے تحفظ کی درخواست ناقابل قبول ہے، یا
(ii)آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے دوسری درخواست دینے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے۔

**5.2 میں اپیل کیسے کروں؟**

5.2.1 آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبونل میں اپیل ضرور بھیجیں. جب آپ کو آپ کا فیصلہ موصول ہوگا تو آپ کو اپیل فارم کی ایک کاپی مکمل کرنے کے لئے دی جائے گی۔

**5.3 اپیل دائر کرنے کا کتنا وقت دیا جاتا ہے؟**

5.3.1 متعلقہ وقت کی حد کی تفصیلات آپ کے جواب کے ساتھ شامل کی جائیں گی۔

**5.4 میں اپنی اپیل کے لئے قانونی نمائندے کی خدمات حاصل کرنے کا حقدار ہوں؟**

5.4.1 جی ہاں. آپ کو اپنے قانونی نمائندے کے ساتھ آپ کی اپیل پر بات کرنی چاہئے. اگر آپ کا قانونی نمائندہ نہیں ہے تو، آپ قانونی امداد کے بورڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ متبادل طور پر، آپ اپنی مدد کے لئے
5.5 اپنے خرچے پر ایک نجی وکیل کی خدمات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

5.5.1 **میری اپیل کتنی دیر میں سنی جائے گی؟**

5.6 جب انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبونل آپ کی اپیل سنے گی تو آپ سے تفصیل کے ساتھ رابطہ کرے گی۔

5.6.1 **میں اپیل کے پروسیس کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟**
انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لیے درخواستوں کے سلسلے میں اپیل کرنے کے عمل کے بارے میں معلومات IPAT کی ویب سائٹ www.protectionappeals.ie پر مہیا کی جاتی ہے۔

# سیکشن 6
# پناہ گزین کی حیثیت یا سبسڈری پروٹیکشن کا اعلان

## 6.1 مجھے تجویز موصول ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

6.1.1 اگر IPO یہ تجویز کرتا ہے کہ آپ کو ایک مہاجرکی حیثیت یا سبسیڈایری پروٹیکشن ڈکلیریشن دی جانی چاہئے، یاIPAT ، IPOکا منفی فیصلہ الٹ دے تو، منسٹر، جتنی جلدی ممکن ہو، آپ کو پناہ گزین ڈکلیریشن یا سبسیڈایری پروٹیکشن ڈکلیریشن، جو بھی قابل عمل ہو، دے دیں گے۔ یہ پیراگراف 6.1.4 میں سے مشروط ہے.

6.1.2 اگر IPO یہ تجویز کرتا ہے کہ آپ کو دونوں اقسام میں سے ایک بھی ڈکلیریشن سے نہ نوازا جائے، اور

(i)آپ اپیل بھی نہیں کرتے، یا

(ii)آپ کی اپیل بھی رد کردی جاتی ہے،

تو منسٹر بھی آپ کو کسی قسم کی ڈکلیریشن دینے سے منع کردے گا۔

6.1.3 آپ ایک آئرش شہری بن جاتے ہیں تو ریفیوجی ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن ڈکلیریشن اثر میں نہیں رہے گی۔

6.1.4 اگرچہ IPO یہ تجویز کرتا ہے یا IPAT آپ کی اپیل پر پناہ گزین کی حیثیت دینے کا فیصلہ کرتا ہے، تب بھی منسٹر آپ کو ڈکلیریشن دینے سے انکار کر سکتے ہیں اگر:
(ا) ریاست(آئر لینڈ) کی سلامتی کو آپ سے خطرےکی مناسب وجوہات موجود ہیں۔ یا
(ب) آپ ریاست (آئر لینڈ) کی کمیونٹی کے لئے ایک خطرہ تشکیل دے سکتے ہیں، کیونکہ آپ ایک سنگین جرائم کے حتمی فیصلے سے(ریاست (آئر لینڈ) کے اندر یا باہر) مجرم قرار دیے گئے تھے۔

# سیکشن 7
# آپ کے حقوق اگر آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن سے نوازا جاتا ہے

**7.1 مجھے تجویز موصول ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟**

7.1.1 اگر مجھے انٹرنیشنل پروٹیکشن سے نوازا جاتا ہے تو میرے کیا حقوق ہونگے؟

7.1.2 اگر آپ پناہ گزین ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن ڈکلیریشن پاتے ہیں، تو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ، 2015 کی شرائط کے تحت، آپ مندرجہ ذیل کے اہل ہیں:

(i) کسی بھی تجارت یا کاروبار میں مشغول ہونے، یا روزگار میں داخل ہونے اور تعلیم اور تربیت کے لئے تمام معاملات میں اسی حد تک اسی اندازمیں رسائی حاصل کرنے کہ جتنے ایک آئرش شہری کو حاصل ہیں۔

(ii)انہی شرائط سے جینے کا جو آئرش شہریوں پر لاگو ہوتی ہیں، اور وہی طبی دیکھ بھال اور سماجی بہبود کے وظائف جس کے آئرش شہری اہل ہیں؛

(iii)ریاست (آئرلینڈ) میں کم از کم تین سال سے زیادہ کے مخصوص وقت تک رہائش پزیر رہنے؛ اور

(iv)ریاست (آئر لینڈ) سے یا تک سفر کرنے کے وہی حقوق اور سفری دستاویز جس کے آئرش شہری اہل ہیں۔

# سیکشن 8
# انٹرنیشنل پروٹیکشن کے عمل میں آپ کے حقوق اور فرائض

## 8.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے عمل میں میرے کیا حقوق ہیں؟

8.1.1 اگر آپ کا کیس EU ڈبلن ریگولیشن کے مطابق نمٹا نہیں جاتا جس میں بعض متبادل انتظامات (سیکشن 10 دیکھیں) لاگو ہوتے ہیں، انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے ایک درخواست گزار کے طور پر آپ کے حقوق مندرجہ ذیل ہیں:

i) آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی IPO کی طرف سے جانچ پڑتال اور IPAT سے آپ کی اپیل کے سلسلے میں آپ کو ریاست (آئر لینڈ) میں آنے اور رہنے کی منسٹر کی طرف سے اجازت دی جائے گی. پیراگراف 8.1.2 دیکھتے

ii)آپ، جہاں ضروری اور ممکن ہو، مناسب مواصلات کو یقینی بنانے کے لئے ایک مترجم کی فراہمی کے حقدار ہیں۔

iii)آپ لیگل ایڈ بورڈ سے قانونی مشورہ اور مدد حاصل کرنے کے حقدار ہیں. متبادل طور پر، اگر آپ چاہیں تو، آپ آپنے خرچے پر نجی قانونی نمائندگی کی خدمات بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

iv)آپ UNHCR کے ساتھ رابطہ کرنے کے حقدار ہیں. رابطے کی تفصیلات انیکس میں مل سکتی ہے.

v)آپ اپنی درخواست کے سلسلے میں منسٹر سے گذارشات کرنے کے اہل ہیں. یہ گذارشات تحریری شکل میں کی جانی چاہیئے۔

vi)جبکہ آپ کے تحفظ کی درخواست پر کارروائی کی جا رہی ہے، ریسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی (RIA)آپ کو رہائش (ایک مکمل بورڈ کی بنیاد پر) فراہم کر سکتی ہے. یہ پیشکش قبولکرنے سے آپ گھر کے قوانین جو www.ria.ie. پر دستیاب ہیں، پر عمل کے تابع ہو جائیں گے۔ RIA سے رابطے کی تفصیلات انیکس میں مل سکتی ہیں۔

vii)آپ کی درخواست کے سلسلے میں فراہم کردہ تمام تفصیلات اعتماد میں رکھی جائے گی۔ معلومات، تاہم، آئرش سرکاری محکموں اور ایجنسیوں، جس میں امیگریشن حکام، ( An Garda Síochánaآئرش پولیس) اور مقامی حکام شامل ہیں اور اس طرح کے دیگر عوامی ادارے جو آپ کے ساتھ نمٹ رہے ہیں، کو فراہم کی جا سکتی ہے. یہ غیر ملکی شہریوں کی ریاست (آئر لینڈ) میں داخلے اور ہٹانے سے متعلق قانون کی انتظامیہ سمیت ان تنظیموں کو ان کے افعال انجام دینے کے قابل بنائے گی. کچھ معلومات یورپی یونین ڈبلن ریگولیشن آپریٹ کرنے والے دیگر ممالک کو بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

viii)آپ کو آپ کی طرف سے فراہم کردہ پتے پر انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست کے سلسلے میں، IPAT ،IPO یا منسٹر کی طرف سے کسی بھی قسم کی تقرریوں، انٹرویوز، فیصلوں یا دیگر نوٹیسز سے تحریری شکل میں مطلع کیا جائے گا۔

8.1.2 آپ کا عارضی رہائشی سرٹیفکیٹ تب تک کابل قبول ہے جب تک آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست گزار ہیں، مثال کے طور پرجب منسٹر آپ کو پناہ گزین یا سبسیڈائری پروٹیکشن ڈیکلریشن دینے سے انکار کردے یا جب آپ کے EU ڈبلن ریگولیشن کے مطابق ریاست (آئر لینڈ) سے منتقل کردیئے جائیں۔

## 8.2 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے عمل میں میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟

8.2.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے ایک درخواست گزار کی حیثیت سے میری ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہیں:

۱)آپ کو ریاست (آئر لینڈ) کے قوانین اور دوسرے تقاضے جو آپ پر عائد کیے جا سکتے ہیں، پر عمل کرنا ہوگا۔

۲)آپ کی درخواست کے تمام پہلوؤں کی تحقیقات اور کسی بھی اپیل کے تعین میں بھرپور تعاون کرنا اور اپنی درخواست کی حمایت میں اپنے پاس موجود تمام معلومات اور دستاویزات جمع کروانا آپ کا فرض ہے۔
۳)اگر آپ اپنا ایڈریس تبدیل کرتے ہیں تو، آپ کو آئی پی او کو، تحریری شکل میں، آپ کے نئے پتے کی تفصیلات فوری طور پر پہنچانی ہوگی۔ یہ آپ پر تب بھی لاگو ہوگا اگر آپ رسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی (RIA) کی طرف سے نئی رہائش گاہ میں منتقل ہوتے ہیں۔ ایسا کرنے میں ناکامی ایک جرم ہے۔
۴)IPOیا IPAT ساتھ تمام خط و کتابت میں آپ کو واضح طور پر اپنا نام، پتہ، قومیت اور ID نمبر جو آپ کے عارضی رہائشی سرٹیفیکیٹ پر لکھا ہے، کی نشاندہی کرنا ہوگی۔
۵)آپ کو ریاست (آئر لینڈ) کو چھوڑنے کی، منسٹر کی رضامندی کے بغیر، کوشش نہیں کرنی چاہیے، جبکہ آپ کی درخواست زیر غور ہے۔ منسٹر کی رضامندی کے بغیر ریاست (آئر لینڈ) چھوڑنا ایک جرم ہے۔
٦)آپ کسی ملازمت کو ڈھونڈنے یا کسی بھی تجارت یا کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کرتے کے مستحق نہیں ہیں۔ ملازمت یا کاروبار میں حصہ لینا ایک جرم ہے۔
۷) IPOاور IPAT طرف سے آپ یا آپ کی قانونی نمائندے کو دی گئی تمام دستاویزات کی کاپیاں آپ کو سنبھال کر رکھنا ضروری ہے۔
۸)آپ ریاست (آئر لینڈ) میں ایک مخصوص ضلع یا جگہ میں رہنے کے پابند ہیں۔ ایسا کرنے میں ناکامی ایک جرم ہے۔
۹)آپ کو امیگریشن آفیسر، یا ایک مخصوص Garda Síochána آئرش پولیس) تھانے میں مخصوص اوقات پر رپورٹ کرنا ہوگی۔ ایسا کرنے میں ناکامی ایک جرم ہے۔
۱۰)آپ کی درخواست کے سلسلے میں معلومات فراہم کرتے وقت آپ کو سچائی بیان کرنا ہوگی اور ایسا کرنے میں ناکامی ایک جرم ہے۔

8.2.1 ۱۱)منسٹر کے آپ کو رہنے کے لئے اجازت عطا کرنے یا نہ کرنے کے فیصلے سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات اپنے سوالنامے میں جمع کروانی چاہئے۔ آپ کو منسٹر کے آپ کی درخواست بنانے اور تحفظ کی درخواست کی تحقیقات کے دوران آپ کو رہنے کے لئے اجازت عطا کرنے یا نہ کرنے کے فیصلے سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات اپنے سوالنامے میں جمع کروانی چاہئے۔ آپ کو کسی بھی حالات کی تبدیلی پر فوری طور پر منسٹر کو اس کو اس کے فیصلے کے مطعلق مطلع کرنا چاہیے۔ رہنے کی اجازت کے بارے میں معلومات سیکشن 13 میں پائی جا سکتی ہے۔
۱۲)آپ کو تمام متعلقہ معلومات جو آپ کے پاس یا آپکے کنٹرول میں ہے ، جتنی جلدی ممکن ہو، IPOیا IPATتک پہنچانا یقینی بنانا چاہئے۔

**اہم**

8.2.2 **آپ جتنی جلدی ممکن ہو، اپنے قانونی نمائندے (نام، پتہ، فون نمبر وغیرہ) اور قانونی نمائندے کے کسی بھی تبدیلی کی تفصیلات** کے ساتھ آئی پی او یا **IPAT** (مناسب طور پر) فراہم کرنا چاہیے. ایسا کرنے میں ناکامی انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست کے سلسلے میں مواصلات اور فیصلوں پر اپنے قانونی نمائندے سے مشورہ اور مدد حاصل کرنے کے لئے آپ کی صلاحیت پر منفی اثر ہوسکتا ہے۔

# سیکشن 9
# تنہا بچے

### 9.1 کیا ہوگا اگر میں تنہا بچے کی حیثیت سے انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے اپلائی کرتا ہوں؟

9.1.1 اگر آپ ایک بچہ (18 سال سے کم عمر) تصور کیے جاتے ہیں اور آپ کی دیکھ بھال اور تحفظ کی ذمہ داری کے لئے کوئی بالغ بھی نہیں ہے، تو آپ کو -TUSLA چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کے سپرد کر دیا جائے گا۔

9.1.2 آپ کو IPO کی طرف سے ایک عمر تشخیص انٹرویو کے عمل سے گزرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ عمر تشخیص انٹرویو آپ کے سفر کے انتظامات کے مطعلق کچھ بنیادی حقائق، آپ کے والدین کا پتہ، آپ کی تعلیم کا معیار اور پختگی کی سطح معلوم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اگر ضرورت ہو تو چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی TUSLA - کی مدد سے، انٹرویو انعقاد کرنے والا افسر فیصلہ کرے گا کہ آپ کو 18 سال کی عمر سے کم کے بچے کی طرح سلوک کیا جائے یا نہیں۔

9.1.3 اگر آپ کو -TUSLA چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کے سپرد کر دیا جائے، تو ایجنسی آپ کی ذمہ داری لے گی اور آپ کے لئے فیصلہ کرے گی کہ آیاں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست دینا آپ کے لئے زیادہ مناسب ہے یا فیملی ریونیفیکیشن / فیملی ٹریسنگ جیسی دوسری صورتیں۔

### 9.2 کیا طریقہ کار ہوگا اگر) TUSLA چائلڈاینڈفیملی ایجنسی) انٹرنیشنل پروٹیکشن کےلئے میری درخواست درج کرتی ہے؟

9.2.1 -TUSLAچائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی معلومات اور اس کے لئے دستیاب قانونی مشورے کی بنیاد پر، آپ کی جانب سے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے ایک درخواست دائر کرے گی اگر وہ سمجھتی ہے کہ یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہے اور اس کے لئے -TUSLA چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کے ایک ملازم یا اس طرح کے دوسرے شخص کو آپ کے لئے درخواست دائر کرنے اور آپ کی نمائندگی اور ساتھ انٹرویو اور تحقیقات کے عمل میں آپ کی مدد کرنے کا بندوبست کرے گی۔

### 9.3 اٹھارہ سال سے کم عمر بچے کا لیگل ایڈ بورڈ(LAB)کو حوالہ دینے کا کیا طریقہ کار ہے؟

9.3.1 TUSLA - چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی LAB سے رابطہ کر کے آپ کے لیئے قانونی نمائندے کا بندوبست کرسکتی ہے۔ -TUSLA چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کے آپ کے ساتھ انٹرویو میں ساتھ جانے کے مخصوص انتظامات کیے جایں گے۔

# سیکشن 10
# ای یو ڈبلن ریگولیشن

**10.1 ای یو ڈبلن ریگولیشن کیا ہے؟**

10.1.1 EU ڈبلن ریگولیشن پسماندہ ملک کے باشندے یا ایک بے وطن شخص کی طرف سے کی جانے والی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی تحقیقات کے لئے ذمہ دار ریاست کا تعین کرنے کے لئے معیار اور نظام کے قیام کے لئے قانونی بنیاد اور طریقہ کار کے قوانین فراہم کرتا ہے۔

10.1.2 اگر آپ IPO میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کرتے ہیں تو آپ کو ڈبلن پروسیس کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی جائے گی۔

10.1.3 اگر آپ EU ڈبلن ریگولیشن کی دفعات کے تحت آتے ہیں تو آپ کو کسی اور ریاست میں منتقل کیا جا سکتا ہے تاکہ آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی جانچ پڑتال وہاں ہو سکے۔

# سیکشن 11
# رضاکارانہ واپسی کے اختیارات

**11.1 کیا مجھے اختیار حاصل ہے کہ میں رضاکارانہ طور پر اپنے اصل ملک یا سابقہ قیام (رہائس)والے ملک واپس جاسکوں؟**

11.1.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست کے انکار کے بعد یا آپ کی درخواست کی تحقیق کے دوران آپ کے لئے ایک آپشن کسی بھی وقت ، رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس چلے جانے کی ہے۔ اگر آپ اپنی تحفظ کی درخواست واپس لے لیتے ہیں، تب بھی آپ کے لئے رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس جانے کی آپشن کھلی ہوگی۔

11.1.2 اگر منسٹر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی آپ کی درخواست کو انکار کرنے کے فیصلے سے آپ کو مطلع کرتا ہے تو آپ کو خاص طور پر رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس لوٹنے کے اختیار کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔ اس مرحلے پر اس اختیار کا فائدہ اٹھانے کے لئے، آپ کو منسٹر کے نوٹیفکیشن کی تاریخ سے پانچ دن کے اندر تحریری طور پر منسٹر کو مطلع کرنا ضروری ہوگا۔ آپ کا ڈیسیئن لیٹر آپ کو سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک آپ کی رضاکارانہ واپسی کا انتظم کرنے والے شخص سے رابطے کی تفصیلات فراہم کرے گا۔

11.1.3 اگر آپ رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس لوٹنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ منتقلی کے لئے انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائیگریشن (IOM) سے مشورہ اور مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ رابطے کی تفصیلات کے لئے Annex کا ملاحظہ کریں۔

11.1.4 IOMضروری سفری دستاویزات حاصل کرنے، اور اس کے ساتھ ساتھ آئرلینڈ سے اپنے آبائی ملک کے سفر کے مالی اخراجات کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، ایک چھوٹی سی رقم آپ کی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت یا کاروبار کے سیٹ اپ کے اخراجات کا احاطہ کرنے کے لئے تمام واپس لوٹنے والے افراد کو دی جائے گی۔

11.1.5 اگر آپ رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس چلے جانے کی آپشن سے انکار کرتے ہیں، تو منسٹر آپ کے خلاف ڈیپورٹیشن کا حکم دے دیں گے اور آپ کو ریاست (آئرلینڈ) سے ہٹانے کے انتزامات کیئے جائیں گے۔ اگر آپ ڈیپورٹیشن آرڈر کی خلاف ورضی کرتے ہیں تو آپ کے ریاست (آئرلینڈ) میں رہنے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں رہتی۔

11.1.6 ڈپارٹمنٹ آف جسٹس اینڈ ایکویلٹی براہ راست انتظامی اور دیگر معاونتیں فراہم کر کے ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس جانے کا ارادہ کرتے ہیں۔

11.1.7 رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپسی کے اختیار کا فائدہ یہ ہے کہ اس طرح آپ مستقبل میں ریاست (آئر لینڈ) واپس آنے کے بھی قابل ہوجائیں گے اگر آپ ایسا کرنے کے لئے قانونی بنیاد قائم کر لیتے ہیں۔ دوسری طرف، اگر آپ ڈیپورٹیشن کا سامنا کرتے ہیں تو۔۔۔
۔۔۔قانون کے مطابق آپ کو ملک چھوڑنا پڑے گا اور ملک سے باہر ہی رہنا پڑے گا (جب تک ڈیپورٹیشن کا آرڈر ہٹایا نہیں جاتا)۔

# سیکشن 12
# دیگر معلومات

**12.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں میں ترجیحات کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟**

12.1.1 منسٹر اگر ضروری سمجھے تو انٹرنیشنل پروٹیکشن کی کسی درخواست کو انصاف اور کارکردگی کی حاطر ترجیح دے سکتا ہے۔

12.1.2 ترجیحات کے سلسلے میں منسٹر مندرجہ ذیل پہلؤوں پر غور کرتا ہے:
i)آیاں درخواست گزار شناختی دستاویزات رکھتا ہے یا نہیں، اور اگر نہیں، تو آیاں درخواست گزار نے ان دستاویزات کی غیرموجودگی کی کوئی مناسب وجہ فراہم کی ہے یا نہیں۔
ii)آیاں درخواست گزار نے اپنے سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک سے رخصتی کے بعد اس ریاست (آئرلینڈ) کے اپنے لئے پہلے محفوظ ملک ہونے کے دعوے کو ثابت کرنے کے لئے ایک مناسب وضاحت فراہم کی ہے یا نہیں۔
iii)آیاں درخواست گزار نے ریاست (آئر لینڈ) تک پہنچنے اور اپنے سفر کی مکمل اور سچی وضاحت فراہم کی ہے یا نہیں۔
iv)ریاست (آئر لینڈ) کے علاوہ اور کہاں درخواست دی گئی تھی، اور کیا آیاں درخواست گزار نے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے ریفیوجی ایکٹ 1996 کی دفعہ 8 کے تحت، ریاست (آئر لینڈ) میں پہنچتے ہی فوری درخواست، اگر ریاست (آئرلینڈ) میں پہنچنے کے بعد کوئی ناخوشگوار واقع عمل میں نہیں آیا، نہ دینے کی کوئی مناسب وضاحت دی ہے یا نہیں۔
v)درخواست گزار نے کسی کی شناخت یا اس کی درخواست سے متعلق دستاویزات کو زمین میں کہاں گھڑا ہے، یا اس کو کہاں تباہ کیا ہے یا اسے کہاں ٹھکانے لگایا ہے، اور کیا آیاں اس نے ایسا کرنے کی کوئی مناسب وجہ بیان کی ہے۔
vi)کیا درخواست گزار نے اپنی درخواست کی تائید میں جھوٹے ثبوت فراہم کئیے ہیں، یا دوسری صورت میں زبانی طور پر یا تحریری طور پر جھوٹی نمائندگی کی ہے۔
vii)درخواست گزار نے، معقول وجہ کے بغیر، ریاست (آئر لینڈ) سے ان کو ڈیپورٹ کرنے کے فیصلے کے نوٹیفکیشن کے بعد درخواست دائر کی ہے۔
viii)کیا درخواست گزار نے اپنی حفاظت کے عمل میں تعاون کیا ہے۔
ix) آیاں درخواست گزار TUSLA - چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کی دیکھ بھال اور تحفظ حاصل کر رہا ہے۔
x)کیا درخواست گزار، معقول وجہ کے بغیر، ریاست (آئر لینڈ) میں داخل ہونے اور رہنے کی اجازت کے ساتھ منسلک مخصوص ضروریات پر عمل کرنے میں ناکام رہا ہے۔

**12.2 ان معلومات کا کیا ہوگا جو میں نے انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کو فراہم کی ہیں؟**

12.2.1 جب آپ IPO کو اپنی ذاتی تفصیلات فراہم کرتے ہیں، تو دفتر کے لئے ان تفصیلات کو محفوظ رکھنا لازمی ہوجاتا ہے۔

12.2.2 آپ ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹس 1988 اور 2003 کے تحت اپنے حقوق کے مطابق اپنے آپ سے مطعلق معلومات تک رسائی اور اس معلومات کو درست یا حذف کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

12.2.3 آئرش Naturalisation اینڈ امیگریشن سروس کی طرف سے اکٹھی کی گئی ذاتی معلومات سے متعلق ریکارڈز فریڈوم انفارمیشن ایکٹ 2014 ، خاص چھوٹ کے مشروط، دائرہ کار کے اندر آتی ہے۔

12.2.4 فریڈوم آف انفارمیشن ایکٹ 2014 ہر شخص کے لیے مندرجہ ذیل قانونی حقوق قائم کرتا ہے:

(i)عوامی اداروں کے پاس موجود معلومات تک رسائی
(ii)خود سے متعلق سرکاری معلومات میں ترمیم کرنے کا حق اگر وہ معلومات نامکمل، غلط یا گمراہ کن ہو۔
(iii) انہیں متاثر کرنے والے فیصلوں کی وجوہات سے مطعلق وضاحت حاصل کرنے کا حق۔

12.2.5 2014 ایکٹ عوامی مفاد اور افراد کی رازداری کے حق کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوئے، عوام کو جہاں تک ممکن ہو، سرکاری معلومات تک رسائی حاصل کرنے کی بات پر زور دیتا ہے۔

12.2.6 ڈیٹا پروٹیکشن پر مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ IPO www.ipo.gov.ie کا ملاحظہ کریں۔

# سیکشن 13
# رہنے کی اجازت

## 13.1 میں رہنے کی اجازت کے لئے کیسے اپلائی کروں؟

13.1.1 جب آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست دیتے ہیں، تو آپ کو اسی وقت منسٹر کے آپ کو رہنے کے لئے اجازت عطا کرنے یا نہ کرنے کے فیصلے، اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسیڈائری پروٹیکشن نہیں ملتی، سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات جمع کروانی ہوگی۔اگر آپ منسٹر کو کسی بات پر غور کروانا چاہتے تو، آپ کو جتنی جلدی ہو سکے اس کے بارے میں IPO کو مطلع کرنا یقینی بنانا ہوگا۔

13.1.2 آپ کو اپنے انٹرنیشنل پروٹیکشن سوالنامے کے مناسب حصے میں یہ معلومات فراہم کرنی ہوگی۔ آپ کو کسی بھی قسم کی دستاویزات (مثال کے طور پر، پیدائش یا شادی کے سرٹیفکیٹ، کاریکٹرریفرنسز، قابلیت وغیرہ) اپنی درخواست کی حمایت میں فراہم کرنی چاہئے۔ اگر آپ کے پاس یہ دستاویزات موجود نہیں ہیں تو، آپ بعد میں کسی بھی وقت، IPOکی آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست پر وزیر کو رپورٹ تیار کر کے دینے سے پہلے تک یہ دستاویزات جمع کروا سکتے ہیں۔

13.1.3 مزید یہ کہ، اگر آپ کے حالات میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو آپ کو منسٹر کے آپ کو ریاست میں رہنے یا نہ رہنے دینے کی اجازت سے مطعلق آئی پی او کو اپ ڈیٹیڈ معلومات فراہم کرنی چاہیے۔

13.1.4 براہ مہربانی نوٹ کریں کہ IPO کی طرف سے منعقد کیے گئا انٹرویو انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست کی تحقیق کے لیئے ہے نہ کہ آپ کے ریاست میں رہنے کی اجازت کے لیئے۔ انٹرویو افسر آپ سے اس سے متعلق سوالات پوچھے گا نہ کہ دوسرے معاملات سے مطعلق جو اگرچہ، آپ کی خفاظت کی درخواست سے مطعلق نہ ہو لیکن وہ ریاست میں رہنے کے لئے آپ کو اجازت دینے یا نہ دینے کے وزیر کے فیصلے سے متعلق ہو سکتے ہیں۔ تاہم، اگر اس طرح کے معاملات انٹرویو میں پیدا ہوتے ہیں، تو وہ انٹرویو لینے والے کی طرف سے تحریری طور پر لکھ لئیے جائیں گے اور آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسیڈائری پروٹیکشن نہ ملنے کی صورت میں منسٹر کے آپ کو ریاست میں رہنے کے لئے اجازت عطا کرنے یا نہ کرنے کے فیصلے کے سلسلے میں فراہم کیئے جائیں گے۔

## 13.2 وہ کون سی معلومات جن کی بنیاد پر متعلقہ وزیر فیصلہ کرتا ہے کہ آیا درخواست دہندہ کو ریاست (آئر لینڈ) میں رہنے کی اجازت ملنی چاہئے یا نہیں؟

13.2.1 وزیر کو آپ کی طرف سے جمع کرائی گئ مطعلقہ معلومات جس میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست پر آپ کی جانب سے دی گئی مطعلقہ معلومات اور آپ کے ابتدائی انٹرویو میں آپ کی طرف سے دیئے گئے کسی بیان اور آپ کی ذاتی انٹرنیشنل پروٹیکشن انٹرویو تک رسائی حاصل ہوگی۔

13.2.2 وزیر کو آپ کے خاندان اور ذاتی حالات اور آپ کی ذاتی اور خاندانی زندگی کے احترام کا آپ کے حق کو غور میں لینا چاہیے۔ اور مندرجہ ذیل کا احترام کرنا چاہیئے:

i) ریاست (آئر لینڈ) کے ساتھ آپ کے کنکشن کی نوعیت، اگر کوئی ہے تو
ii)انسانی ہمدردی تحفظات،
iii)آپ کے کردار اور اخلاق، ریاست (آئر لینڈ) کے اندر اور باہر، دونوں (مجرمانہ کرامات بھی شامل ہیں(
iv)قومی سلامتی اور عوامی نظام کے تحفظات
v)اجتماعی بھلائی کی کوئی بھی دیگر تحفظات

13.2.3 وزیر موصوف refoulement کی ممانعت کے بارے میں آپ کی طرف سے اٹھائے گئے کسی بھی معاملات سے واقف ہونگے۔

## 13.3 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت نہ دی جاتے؟

13.3.1 اگر آپ پروٹیکشن ایپلیکیشن کے جواب پر IPAT سے اپیل نہیں کرتے اور منسٹر آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت نہیں دیتے تو آپ کو ریاست میں رہنے کا کوئی حق نہیں۔ آپ کا TRC قابل استعمال نہیں رہے گا اور آپ کو وہ سرٹیفیکیٹ فوری طور پر IPO کو واپس کرنا ہوگا۔

13.3.2 آپ کے لئے رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس چلے جانے کی آپشن ہوگی اور آپ کو IPO اور INIS کو اطلاع کرنی ہوگی اگر آپ ریاست چھوڑنے کا ارادہ کرتے ہیں۔

13.3.3 اگر آپ رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس نہ جانے کا ارادہ کرتے ہیں، تو منسٹر آپ کے خلاف ڈیپورٹیشن کا حکم دے دیں گے جس کے مطابق آپ کو ریاست (آئرلینڈ) چھہڑنے اور ملک سے لامحدود وقت کے لئے باہر رہنا ہوگا۔

## 13.4 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت مل جاتی ہے؟

13.4.1 اگر آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت دے دی جاتی ہے تو آپ کو ایک لیٹر دیا جائے گا جس پر آپ کے حقوق اور فرائز اور کونسے اعمال آپ کو کرنے چاہئیے سے متعلق معلومات ہوگی۔

## 13.5 رہنے کی اجازت سے انکارپر نظرثانی کس طرح ہوتی ہے؟

13.5.1 آپ کو نہ رہنے دینے کی اجازت کے فیصلے کے خلاف آپ اپیل نہیں کر سکتے۔

13.5.2 اگر آپ کو IPO انٹرنیشنل پروٹیکشن دینے سے انکار کر دیتا ہے تو آپ کو IPAT کو اپیل دینے کے پروسیس کی معلومات فراہم کی جائے گی۔ اگر آپ IPAT سے اپیل کرتے ہیں اور وہ IPO کے انکار کے فیصلے سے رضامندی ضاہر کرتا ہے تو آپ کو پرمیشن تو ری مین ریویو فارم پر کرنے کے لئے دیا جائے گا۔ اس فارم کو پر کرنے اور جمع کروانے کا وقت آپ کو فارم کے ساتھ بتایا جائے گا۔

13.5.3 اگر منسٹر کی آپ کو رہنے کی اجازت دینے اور IPAT کی آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کے فیصلے کے حلاف اپیل کے دورانیئے میں آپ کے حالات بدلتے ہیں تو،---
-- تو آپ کو منسٹر کو فوری طور پر اطلاع کرنی ہوگی اگر یہ منسٹر کے فیصلے سے متعلق ہو تو۔

13.5.4 اگر آپ نے منسٹر کے پہلے فیصلے سے مطعلق حالات کے بدلنے کی کوئی معلومات فراہم کی ہے، تو منسٹر آپ کو رہنے کی اجازت نہ دینے کے اپنے فیصلے پر نظرِثانی کرے گا۔ اوپر پیراگراف 13.2.2 کے معاملات اور آپ کی ضانب سے دی گئی معلومات پر غور کرے گا۔ منسٹر آپ کی ضانب سے اٹھائے گئے refoulement کے خلاف معاملات پر بھی غور کرے گا۔

13.5.5 آپ کو اجازت دینے کے فیصلے پر نظرِثانی کے بعد، منسٹر یا تو آپ کو محدود مدت کے لئے عارضی اجازت دے گا یا پھر آپ کو اجازت دینے سے انکار کردے گا۔ آپ کو منسٹر کے فیصلے کی وجوہات سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔

**13.6 کیا ہوگا اگر مجھے رہنے کی اجازت مل جاتی ہے لیکن میں پروٹیکشن کی شفارش کے لئے IPOسے IPAT میں اپیل کرنے کا فیصلہ کرتا ہوں؟**

13.6.1 آپ ابھی بھی اپنے لوکل ایمیگریشن رجسٹریشن آفس میں رگسٹر کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو رہنے کی اجات کا فیصلہ عمل میں آسکے۔ تاہم، اگر آپ پروٹیکشن ڈیسیئن کے خلاف اپیل کرتے ہیں، تو تو چونکہ آپ اب بھی انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواس گزار ہیں، اس لئے آپ اب بھی IPAT سے اپیل کا فیصلہ آنے تک نہ تو کسی کاروبار میں حصہ لے سکتے ہیں اور نہ ہی آپ کو کسی تجارت میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

**13.7 کیاہوگا اگر نظرثانی کےعمل کےبعد مجھے رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی؟**

13.7.1 اگر آپ کو رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی تو آپ کو ریاست میں رہنے کا کوئی حق نہیں۔ آپ کا TRC قابل استعمال نہیں رہے گا اور آپ کو وہ سرٹیفیکیٹ فوری طور پر IPO کو واپس کرنا ہوگا۔

13.7.2 آپ کے لئے رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس چلے جانے کی آپشن ہوگی اور آپ کو IPO اور INIS کو اطلاع کرنی ہوگی اگر آپ ریاست چھوڑنے کا ارادہ کرتے ہیں۔

13.7.3 اگر آپ رضاکارانہ طور پر سابقہ رہائش گاہ کے ملک / اپنے آبائی ملک واپس نہ جانے کا ارادہ کرتے ہیں، تو منسٹر آپ کے خلاف ڈیپورٹیشن کا حکم دے دیں گے جس کے مطابق آپ کو ریاست (آئرلینڈ) چھوڑنے اور ملک سے لامحدود وقت کے لئے باہر رہنا ہوگا۔

# سیکشن 14
# خاندانی ملاپ

## 14.1 خاندانی ملاپ کیا ہے؟

14.1.1 اگر منسٹر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن دے دیتا ہے تو آپ منسٹر سے، ١٢ ماہ کے اندر اندر، مخصوص خاندانی افراد کے لئے مندرجہ ذیل معاملات کے لئے اجازت مانگ سکتے ہیں:

- ریاست (آئر لینڈ) میں داخل ہونے اور رہائش پذیر ہونے کی، اگر وہ درخواست کی تاریخ پر باہر ہو؛ یا
-
- ریاست (آئر لینڈ) میں رہائش پذیر ہونے کی اگر درخواست کی تاریخ پر وہ ریاست (آئر لینڈ) میں موجود ہو۔

## 14.2 کوئی وقت کی حد موجود ہے؟

14.2.1 اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن دے دی جاتی ہے تو آپ ١٢ ماہ کے اندر، اپنے خاندان کے افراد کو اپنے ساتھ شامل کرنے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

## 14.3 خاندان کا رکن کون ہے؟

14.3.1 خاندان کے رکن کی ایک مخصوص تعریف ہے:

(i)اس شخص کا شریک حیات، اگر شادی ریاست (آئر لینڈ) میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے وقت نافذ العمل تھی۔

(ii)اس شخص کا سول پارٹنر، اگر سول پارٹنرشپ ریاست (آئر لینڈ) میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے وقت نافذ العمل تھی۔

(iii)اگر اس شخص کی عمر18 سال سے کم ہے اور وہ غیر شادی شدہ ہے تو، اس کے والدین اور ان کے بچے اگر وہ 18 سال کی عمر سے کم اور غیر شادی ہیں۔

(iv) اس شخص کی اولاد، اگر خاندان سے ملاپ کے لیے درخواست کی تاریخ پر، وہ 18 سال کی عمر سے کم اور غیر شادی شدہ ہیں تو۔

## 14.4 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست فارم اور سوالنامے میں کونسی معلومات مجھے شامل کرنی چاہئے؟

14.4.1 جب آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے اپلائی کرتے ہیں تو آم کو اپنے ان خاندان کے افراد کے مطعلق بھی معلومات فراہم کرنی ہوگی جو، اگر آپ کو انٹرنیشنل پروٹیکشن دے دی جاتی ہے، خاندان کے ملاپ کے لئے اہل ہیں۔ (پیراگراف 14.3 کا ملاحظہ کریں)۔

14.4.2 آپ کو اپنے خاندان کے افراد سے مطعلق معلومات انٹرنیشنل پروٹیکشن کے سوالنامے میں درج کرنا ہوگی۔

14.4.3 یہ بہت اہم ہے کہ آپ درخواست اور سوالنامے کو مکمل کرتے وقت اپنے خاندان کے اراکین کی تمام تفصیلات تحریر کریں، اور اس مطعلق دستاویزات مثلاً شادی کے سرٹیفیکیٹ، پیدائشی سرٹیفکیٹ وغیرہ فراہم کریں۔

## 14.5 خاندانی ملاپ کے لئےمیں کیسے اپلائی کرسکتاہوں؟

14.5.1 اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن دے دی جاتی ہے اور آپ اپنے خاندان کے کسی رکن کے لئے پیراگراف 14.3 میں درج خاندانی ملاپ کے لئے اپلائی کرنا چاہتے ہیں تو آپ فیملی ری یونیفیکیشن یونٹ کو تحریری طور پر اس پتے پر رابطہ کریں:

**Family Reunification Unit**
**Irish Naturalisation and Immigration Service**
**13/14 Burgh Quay**
**Dublin 2**
**D02 XK70**

14.5.2 مزید معلومات www.inis.gov.ie پر موجود ہے۔

**یاد رہے کہ اپ فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے ریفیوجی سٹیٹس ڈکلیریشن یا سبسیڈائری پروٹیکشن ملنے کے صرف ۱۲ ماہ کے اندر اندر اپلائی کرسکتے ہیں۔**

# سیکشن 15
# آپ کی رہائش

## 15.1 ریسیپشن / رہائش کے بارے میں معلومات

15.1.1 جب آپ IPO پر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست دیتے ہیں تو آپ کی ابتدائی معلومات پر تحقیق کی جائے گی اور پھر آپ کو ریسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی (RIA) کے پاس بھیجا جائے گجو انٹرنیشنل پروٹیکشن کے عمل سے گزرنے والے افراد کو رہائش اور فل بورڈ کی سہولیات فراہم کرتی ہے۔

15.1.2 اگر آپ کو رہایش کی ضرورت ہو تو آپ کی تفصیلات نوٹ کر لی جائیں گی اور شاید آپ کو رہایش کی آفر بھی کردی جائے۔ اگر آپ اس آفر کو قبعل کرتے ہیں تو آم کو ریسیپشن سینٹر تک کی ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ جہاں آپ کچھ عرصے– عام طور پر تین ہفتوں سے کم وقت، کے لئے رہ سکتے ہیں۔

15.1.3 ریسیپشن سینٹر میں کچھ دن گزارنے کے بعد آپ کو ایک accomodation سینٹر میں ٹرانسفر کر دیا جائے گا۔ آپ کو اس سینٹر کے محل وقوع کا انتحاب کرنے کا موقع نہیں دیا جائے گا۔

15.1.4 آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے آپ کی درخواست پر مکمل طور پر عملدرآمد ہونے تک (اپیل بھی شامل ہے) آپ accomodation سینٹر میں رہ سکتے ہیں یا متبادل طور پر آپ اپنے خرچے پر نجی رہائس کا بندوبست بھی کر سکتے ہیں۔

15.1.5 یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ اپنی رہائش کا انتزام خود کرتے ہیں تہ آپ کو IPO کو اپنے پتے کے بارے میں ہر وقت آگاہ رکھنا ہوگا۔

15.1.6 ریسیپشن سینٹر یا accomodation سینٹر پر رہائش کی آفر قبول کرکے آپ اس سینٹر کے تمام قوانین کو ماننے کے پابند ہونگے۔

15.1.7 ا گر ایجنسی آپ کو متبادل رہائش فراہم کرنے کی پوزیشن میں ہے تو ان حالات میں آپ RIA کی فراہم کردہ رہائش سے منتقل ہونے کا ارادہ کر سکتے ہیں۔

15.1.8 مزید معلومات www.ria.gov.ie پر ریسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

# ANNEX

## رابطے کی تفصیلات

## ریاست اور دیگر تنظیمیں، جس کے ساتھ آپ اپنے تحفظ کی درخواست کے سلسلے میں رابطہ کر سکتے ہیں:

| کردار | تنظیم |
|---|---|
| آئرش Naturalisation اینڈ امیگریشن سروس (INIS)، امیگریشن (بشمول ویزے), شہریت کے معاملات، سیاسی پناہ کے سلسلے میں انصاف اور مساوات کے وزیر کے انتظامی افعال کے انتظام کا ذمہ دار ہے۔ INIS امیگریشن اور سیاسی پناہ کے معاملات پر حکومت تک رسائی کو بہتر بنانے اور ان علاقوں میں سروسس کو بہتر بنانے کے لئے کام کرتا ہے۔ | Irish Naturalisation and Immigration Service,<br>Department of Justice and Equality.<br>13 – 14 Burgh Quay,<br>Dublin 2.<br>D02 XK70<br><br>Telephone: +353 1 616 7700<br>Lo-Call:1890 551 500<br>Website: www.inis.gov.ie |
| انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس (IPO) کا اصل کام تجویزات کو، کوئی شخص ریاست (آئر لینڈ) میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کا حقدار ہے یا نہیں، کے طور انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 کی دفعات کے مطابق بنانے کا ہے۔ اگر آپ کی درخواست ان دفعات کے مطابق نہیں ہے تو IPO اس بات پر بھی غور کرتا ہے کہ آیاں آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت دینی چاہیئے یا نہیں اور refoulement کے معاملے پر بھی غور کرتا ہے۔ | International Protection Office<br>Irish Naturalisation and Immigration Service,<br>79-83 Lower Mount Street,<br>Dublin 2.<br>D02 ND99<br><br>Telephone: +353 1 602 8000<br>Fax: + 353 1 602 8122<br>Email: info@ipo.gov.ie<br>Website: www.ipo.gov.ie |
| انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیل ٹریبونل (IPAT) کا کام IPO کے منفی سفارشات کے خلاف اپیلوں کا فیصلہ کرنا ہے۔ اپیل IPAT کے ایک رکن کی طرف سے نمٹی جاتی ہے۔ | International Protection Appeals Tribunal<br>6/7 Hanover Street,<br>Dublin 2.<br>D02 W320<br><br>Telephone: +353 1 474 8400<br>Lo-Call: 1890 210 458<br>Fax: +353 1 474 8410<br>Email: info@protectionappeals.ie<br>Website: www.protectionappeals.ie |

| کردار | تنظیم |
|---|---|
| ریسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی (RIA) تحفظ کے درخواست گزار کو رہائس اور مطعلقہ سہولیات فراہم کرتا ہے۔ ان سہولیات میں رہائس، ہیلتھ کیئر، تعلیم اور تحفظ کے درخواست گزاروں کی ویلفیئر کا کام شامل ہے۔ | Reception and Integration Agency.<br>P.O. Box 11487<br>Dublin 2.<br><br>Telephone: + 353 1 418 3200<br>Fax: +353 1 4183271<br>Email: RIA_Inbox@justice.ie<br>Website: www.ria.gov.ie |
| یونائیٹڈ نیشنز ہائی کمشنر فار ریفیوجیز 1951 میں پناہ گزین کے حقوق کے تحفظ کے لئے تشکیل دیا گیا۔ UNHCR کے کام کی تعریف ہیومینیٹیریئن، سوشل اور نان پولیٹیکل ہے۔ اس کا اصل کام پناہ گزینوں کو انٹرنیشنل پروٹیکشن فراہم کرنا، ان کے مثائل کا حل نکالنا اور ان کی مدد کرنا ہے۔ پروٹیکشن میں refoulement کی روک تھام، اگر درخواست گزار کو اپنے ملک میں خطرہ ہو، شامل ہے۔ UNHCR کو آپ کی درخواست کے دائر ہونے اور اپیل کی ستیج پر آگاہ رکھنے کے لئے انتظامات کئیے جائیں گے۔ UNHCR اگر چاہے تو آپ کے انٹرویوز میں شامل، یا اپیل کی سنائی میں شامل، یا آپ کی درخواست سے مطعلق تحریری گذارشات بھی جمع کرواسکتے ہیں۔ | United Nations High Commissioner for Refugees.<br>102 Pembroke Road,<br>Ballsbridge,<br>Dublin 4.<br>D04 E7N6<br><br>Telephone: 01 631 4510<br>Website: www.unhcr.org |
| انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائگریشن (IOM) نان یورپئین ایکنومک ایریا (EEA) کے مہاجرین اور سیاسی پناہ حاصل کرنے والے ان افراد کو حصاص مدد فراہم کرتا ہے جو اپنے آبائی ملک واپس جانا چاہتے ہیں لیکن ان کے پاس ذرائعے یا سفری دستاویزات موجود نہیں ہوتیں۔ | International Organisation for Migration.<br>116 Lower Baggot Street,<br>Dublin 2.<br>D02 R252<br><br>Freephone: 1800 406 406<br>Telephone: +353 1 676 0655<br>Email: iomdublin@iom.int<br>Website: www.ireland.iom.int/ |

| کردار | تنظیم |
|---|---|
| آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست گزار سول لیگل ایڈ، اپنی تحفظ کی درخواست کے لئے مدد اور اگر ضرورت پڑے، تو انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبیونل کو اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ | Legal Aid Board (Smithfield.(<br>49/48North Brunswick Street,<br>Georges Lane,<br>Dublin 7.<br>D07 PE0C<br><br>Telephone: (01) 646 9600<br>Fax: (01) 671 0200<br>Email:lawcentresmithfield@legalaidboard.ie<br><br>Legal Aid Board (Cork(<br>Popes Quay Law Centre,<br>North Quay House ,<br>Popes Quay ,<br>Cork<br>T23 TV0C<br><br>Telephone: + 353 21 455 16 86<br>Fax: +353 21 455 1690<br>Email:lawcentrecorknorth@legalaidboard.ie<br><br>Galway Law Centre (Seville House(<br>Seville House<br>New Dock Road<br>Galway<br>H91 CKVO<br>Telephone: +353 91 562 480<br>Fax: +353 91 562 599<br>Email:lawcentresevillehouse@legalaidboard.ie |
| TUSLA – چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی انٹرنیشنل پروٹیکشن تلاش کرنے والے تنحا بچوں کو فوری سہولیات مہیا کرتے ہیں۔ ان سہولیات میں رہائش، میڈیکل اور سوشل ضروریات پوری کی جاتی ہیں۔ | Team for Separated Children Seeking Asylum,<br>TUSLA- Child and Family Agency<br>Sir Patrick Dun's Hospital ,<br>Lower Grand Canal Street ,<br>Dublin 2.<br>D02 P667<br><br>Telephone: +353 1 647 7000<br>Fax: +353 1 647 7008<br>Website: www.tusla.ie |

| تنظیم | کردار |
|---|---|
| The Irish Red Cross Society.<br>16 Merrion Square North,<br>Dublin 2 .<br>D02 XF85<br><br>Telephone: +353 1 642 4600<br>Fax: +353 1 661 4461<br>Email: info@redcross.ie<br>http://www.redcross.ie | دی آئرش ریڈ کروس سوسائٹی اپنے قومی اور بین الاقوامی رضاکاروں کے نیٹورک سے انسانی اور ہنگامی بنیادوں پر ریلیف کی فراہمی کا کام کرتی ہے۔ |